جزی اللہ عنا سیدنا و مولانا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ما ھو اھلہ

حسنِ ترتیب

نوٹ:۔ اختیاری مضامین کی معروضی الگ ہے۔

حافظ محمد عمران رضا

ایم۔اے اُردو ، ایم۔فل (اسکالر)

یونیورسٹی آف لاہور (سرگودھا کیمپس)

پرچہ۔٦

اقبال کا خصوصی مطالعہ

......ضمنی فہرست......

ترتیب و تدوین

حافظ محمد عمران رضا، ایم۔اے اُردو، ایم۔فل (اسکالر)

0346 - 07 774 07 / 0306 - 79 570 79 / 0313 - 896 56 56

علامہ محمد اقبال کے حالاتِ زندگی

سوال:۔اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: اقبال 9 نومبر 1877ء بروز جمعہ کو پنجاب کے شہر سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔

سوال:۔اقبال کا نام "محمد اقبال" کس نے تجویز کیا؟

جواب: اقبال کا نام "محمد اقبال" اُن کے والد محترم نے تجویز کیا۔

سوال:۔اقبال کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

جواب: اقبال کشمیری برہمن خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔

سوال:۔علامہ اقبال کے والد صاحب اور والدہ صاحبہ کا نام کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال کے والد صاحب کا نام شیخ نور محمد اور اُن کی والدہ صاحبہ کا نام امام بی بی تھا۔

سوال:۔علامہ اقبال کے والد کی کنیت کیا تھی؟

جواب: علامہ اقبال کے والد کی کنیت میاں جی تھی۔

سوال:۔علامہ اقبال کے والد کس نام سے پہچانے جاتے تھے؟

جواب: علامہ اقبال کے والد "ان پڑھ فلسفی" کے نام سے پہچانے جاتے تھے۔

سوال:۔علامہ اقبال نے "سر" کا خطاب لینے سے پہلے اپنے کس اُستاد کو سر کا خطاب دینے کی شرط رکھی؟

جواب: علامہ اقبال نے "سر" کا خطاب لینے سے پہلے اپنے اُستاد مولوی میر حسن کو سر کا خطاب دینے کی شرط رکھی۔

سوال:۔علامہ اقبال کے بڑے بھائی کا نام لکھیں۔

جواب: اقبال کے بڑے بھائی کا نام "شیخ عطا محمد" تھا۔

سوال:۔علامہ اقبال کی کتنی بہنیں تھیں؟ نام لکھیں۔

جواب: علامہ اقبال کی چار بہنیں تھیں۔ ۱۔فاطمہ بی بی ۲۔زینب بی بی ۳۔کریم بی بی ۴۔طالع بی بی

سوال:۔اقبال کے ذاتی خادم کا نام کیا تھا؟ اُس نے کتنے سال آپ کی خدمت کی؟

جواب: اقبال کے ذاتی خادم کا نام "علی بخش" تھا۔انہوں نے چالیس سال اقبال کی خدمت کی۔

سوال:۔10 مئی 1931ء کو علامہ اقبال پہلی مرتبہ کہاں گئے؟

جواب: 10 مئی 1931ء کو علامہ اقبال پہلی مرتبہ بھوپال گئے۔

سوال:۔علامہ محمد اقبال نے کب وفات پائی؟ نیز آپ کا مزار کس شہر میں ہے؟

جواب: علامہ محمد اقبال نے 21 اپریل 1938ء کو وفات پائی۔آپ کا مزار لاہور شہر میں ہے۔

سوال:۔مزارِ اقبال کا نقشہ کس ماہر تعمیرات نے بنایا؟

جواب: مزارِ اقبال کا نقشہ حیدر آباد دکن کے ماہر تعمیرات زین یار جنگ نے تیار کیا تھا۔

سوال:۔مزارِ اقبال کی تعمیر کا کام کب شروع ہوا اور کب اختتام پذیر ہوا؟ مزار کی تعمیر پر کتنی رقم خرچ ہوئی تھی؟

جواب: مزارِ اقبال کی تعمیر کا کام 1946ء میں شروع ہوا اور 1950ء میں اختتام پذیر ہوا۔مزار کی تعمیر پر ایک لاکھ روپے کی رقم خرچ ہوئی۔

تعلیم و تربیت

سوال:۔علامہ اقبال نے ابتدائی تعلیم کس اُستاد سے حاصل کی؟

جواب: علامہ اقبال نے ابتدائی تعلیم مولوی سید میر حسن سے حاصل کی۔

سوال: ۔علامہ اقبال اسکاچ مشن سکول میں کس سال داخل ہوئے تھے؟

جواب: علامہ اقبال 1884ء میں اسکاچ مشن سکول میں داخل ہوئے تھے۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے پرائمری کا امتحان کس سن میں پاس کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال نے پرائمری کا امتحان 1888ء میں پاس کیا تھا۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے مڈل کا امتحان کس سن میں پاس کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال نے مڈل کا امتحان 1891ء میں پاس کیا تھا۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے میٹرک کا امتحان کب اور کس سکول سے پاس کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال نے میٹرک کا امتحان 1893ء میں اسکاچ مشن ہائی سکول سیالکوٹ سے پاس کیا۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے ایف اے کا امتحان کب اور کس کالج سے پاس کیا؟

جواب: علامہ اقبال نے ایف اے کا امتحان 1895ء میں مرے کالج سیالکوٹ سے پاس کیا۔

سوال: ۔اقبال نے ایف ۔اے کے بعد کس کالج میں داخلہ لیا؟

جواب: اقبال نے ایف ۔اے کے بعد گورنمنٹ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے بی ۔اے کا امتحان کب اور کس کالج سے پاس کیا؟

جواب: علامہ اقبال نے بی ۔اے کا امتحان 1897ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے پاس کیا۔

سوال: ۔علامہ اقبال بی ۔اے کے امتحان میں کن دو مضامین میں اول آئے؟

جواب: علامہ اقبال بی ۔اے کے امتحان میں عربی اور انگریزی کے امتحان میں اول آئے ۔(اقبال نے بی ۔اے کا امتحان سیکنڈ ڈویژن میں پاس کیا۔)

سوال: ۔علامہ اقبال نے ایم ۔اے کا امتحان کب اور کس مضمون میں پاس کیا؟

جواب: علامہ اقبال نے ایم ۔اے کا امتحان فلسفہ کے مضمون میں 1899ء میں پاس کیا۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے انگلستان کی کس یونیورسٹی میں داخلہ لیا؟

جواب: علامہ اقبال نے انگلستان کی کیمبرج یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے پی ۔ایچ ۔ڈی کی ڈگری کے حصول کے لیے کس موضوع پر مقالہ لکھا؟

جواب: علامہ اقبال نے پی ۔ایچ ۔ڈی کی ڈگری کے حصول کے لیے ''ایران میں فلسفہ الٰہیات کا ارتقاء'' کے موضوع پر مقالہ لکھا۔

سوال: ۔علامہ اقبال کو پی ۔ایچ ۔ڈی کی ڈگری کب اور کس یونیورسٹی کی طرف سے دی گئی؟

جواب: علامہ اقبال کو پی ۔ایچ ۔ڈی کی ڈگری نومبر 1908ء میں میونخ یونیورسٹی کی طرف سے دی گئی۔

سوال: ۔اقبال نے اپنی تاریخ پیدائش کس درسگاہ کے داخلہ فارم پر لکھی تھی؟

جواب: اقبال نے اپنی تاریخ پیدائش میونخ یونیورسٹی کے داخلہ فارم پر لکھی تھی۔

سوال: ۔علامہ اقبال انگلستان کب گئے؟

جواب: اقبال 1905ء میں انگلستان گئے۔

سوال: ۔اقبال نے پی ۔ایچ ۔ڈی کی ڈگری کے لیے کس مضمون کا انتخاب کیا؟

جواب: اقبال نے پی ۔ایچ ۔ڈی کی ڈگری کے لیے ''ایران میں فلسفہ الٰہیات کا ارتقا'' کے مضمون کا انتخاب کیا۔

سوال: ۔اقبال نے اپنا پی ۔ایچ ۔ڈی کا مقالہ کس کی زیر نگرانی تیار کیا؟

جواب: اقبال نے اپنا پی ۔ایچ ۔ڈی کا مقالہ ڈاکٹر فرا لائن ۔این کی زیر نگرانی تیار کیا۔

سوال:۔ یورپ میں قیام کے دوران اقبال نے کون سی زبان سیکھی؟

جواب: یورپ میں قیام کے دوران اقبال نے جرمن زبان سیکھی۔

سوال:۔ اقبال نے ابتدائی تعلیم کس اُستاد سے حاصل کی؟

جواب: اقبال نے ابتدائی تعلیم مولوی میر حسن سے حاصل کی۔

سوال:۔ اقبال کیمبرج یونیورسٹی میں کب داخل ہوئے اور وہاں سے کون سی ڈگریاں حاصل کیں؟

جواب: اقبال 1905ء میں کیمبرج یونیورسٹی میں داخل ہوئے اور وہاں سے فلسفہ و معاشیات کی امتیازی ڈگریاں حاصل کیں۔

سوال:۔ کس یونیورسٹی نے اقبال کی وفات کے بعد اُن کو ڈی لٹ کی ڈگری دی؟

جواب: جاپان کی ٹاؤیونیورسٹی نے اقبال کی وفات کے بعد 1960ء میں ان کو ڈی لٹ کی ڈگری دی۔

ملازمت

سوال:۔ علامہ اقبال نے وطن واپسی پر لاہور کے کس کالج میں فلسفہ کا چارج سنبھالا؟

جواب: علامہ اقبال نے وطن واپسی پر گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفہ کا چارج سنبھالا۔

سوال:۔ علامہ اقبال نے ایم۔اے کرنے کے بعد کہاں ملازمت اختیار کی؟

جواب: علامہ اقبال نے ایم۔اے کرنے کے بعد اورینٹل کالج لاہور میں ملازمت اختیار کی۔

سوال:۔ علامہ اقبال گورنمنٹ کالج میں کب پروفیسر مقرر ہوئے؟

جواب: علامہ اقبال گورنمنٹ کالج لاہور میں 22 اکتوبر 1908ء کو پروفیسر مقرر ہوئے۔(اقبال نے بطور پروفیسر وہاں صرف ڈیڑھ سال کام کیا۔)

سوال:۔ علامہ اقبال کو کس یونیورسٹی کے پرنسپل کے عہدہ کی پیشکش کی گئی؟

جواب: علامہ اقبال کو عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن کے پرنسپل کے عہدہ کی پیشکش کی گئی۔(اقبال نے یہ پیشکش قبول نہیں کی تھی اور کہا تھا کہ چند پیسوں کے لیے ہم کیوں شہر بدر رہوں۔)

ازدواجی زندگی

سوال:۔ علامہ اقبال نے کتنی شادیاں کیں؟ پہلی شادی کب اور کس کے ساتھ ہوئی؟

جواب: علامہ اقبال نے تین شادیاں کیں۔آپ کی پہلی شادی کریم بی بی کے ساتھ 1893ء میں ہوئی۔

سوال:۔ کریم بی بی کے ساتھ آپ نے کتنے سال ازدواجی زندگی میں گزارے؟

جواب: کریم بی بی کے ساتھ اقبال نے بیس (20) سال ازدواجی زندگی میں گزارے۔

سوال:۔ اقبال نے کریم بی بی کے ساتھ علیحدگی کا فیصلہ کب کیا؟

جواب: اقبال نے کریم بی بی کے ساتھ علیحدگی کا فیصلہ 1912ء میں کیا۔(لیکن اقبال مرتے دم تک کریم بی بی کو خرچ بھیجتے رہے۔)

سوال:۔ اقبال کی پہلی بیوی کریم بی بی کا انتقال کب ہوا؟

جواب: کریم بی بی کا انتقال 28 فروری 1946ء کو ہوا۔

سوال:۔ اقبال کی پہلی بیوی کریم بی بی سے اقبال کی کتنی اولاد ہوئی؟

جواب: کریم بی بی سے اقبال کے دو بچے ہوئے۔ ۱۔معراج بیگم ۲۔آفتاب اقبال

سوال:۔ اقبال کی دوسری شادی کب اور کس سے ہوئی؟

جواب: اقبال کی دوسری شادی 1912ء میں سردار بیگم سے ہوئی۔(سردار بیگم کا تعلق کشمیری خاندان سے تھا۔)

سوال:۔ اقبال کی اپنی دوسری بیوی سردار بیگم سے کتنی اولاد ہوئی؟

جواب: اقبال کی اپنی دوسری بیوی سے دو بچے ہوئے۔ ۱۔جاوید اقبال ۲۔منیرہ

سوال:۔سردار بیگم کب اور کہاں فوت ہوئیں؟

جواب: سردار بیگم کا انتقال 23 مئی 1935ء کو جاوید منزل لاہور میں ہوا۔

سوال:۔علامہ اقبال نے تیسری شادی کب اور کس سے کی؟

جواب: اقبال نے تیسری شادی 24 اکتوبر 1924ء کو مختار بیگم سے کی۔

سوال:۔علامہ اقبال کی سب سے پہلی اولاد کا نام کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال کی سب سے پہلی اولاد کا نام 'معراج بیگم' تھا۔معراج بیگم 1895 میں پیدا ہوئیں اور بیس سال کی عمر میں 1915ء میں وفات پائی۔

تصانیف

سوال:۔اقبال کی پہلی منظوم تصنیف کون سی ہے؟

جواب: اقبال کی پہلی منظوم تصنیف ''اسرارِ خودی'' ہے۔یہ کتاب 1915ء میں شائع ہوئی۔(اس کا دیباچہ اقبال نے خود لکھا۔اشعار کی تعداد: ۸۲۰)

سوال:۔اسرارِ خودی کے اہم موضوعات تحریر کریں۔

جواب: ۱۔اطاعتِ الٰہی ۲۔ضبطِ نفس ۳۔نیابتِ الٰہی

سوال:۔علامہ اقبال نے اسرارِ خودی کس کی فرمائش پر لکھی؟

جواب: علامہ اقبال نے اسرارِ خودی اپنے والد شیخ نور محمد کی فرمائش پر لکھی۔

سوال:۔اسرارِ خودی کا انگریزی زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: پروفیسر نکلسن نے " The Secret of the Self " کے نام سے اسرارِ خودی کا ترجمہ کیا۔

سوال:۔اسرارِ خودی کے دوسرے حصے کا نام کیا ہے؟ یہ پہلی بار کب شائع ہوا اور اس کا دیباچہ کس نے لکھا؟

جواب: اسرارِ خودی کے دوسرے حصے کا نام ''رموزِ بے خودی'' ہے۔یہ پہلی بار 1918ء میں شائع ہوئی اور اس کا دیباچہ خود اقبال نے لکھا۔(اس میں اشعار کی کل تعداد 1076 ہے۔)

سوال:۔اسرارِ خودی اور رموزِ بے خودی کو ملا کر (مجموعہ بنا کر) کب شائع کیا گیا اور اس کا نام کیا رکھا گیا؟

جواب: اسرارِ خودی اور رموزِ بے خودی کو ملا کر 1940ء میں شائع کیا گیا اور اس کا نام 'اسرار و رموز' رکھا گیا۔

سوال:۔علامہ اقبال کا پہلا اُردو مجموعہ کون سا ہے؟ یہ کب شائع ہوا؟

جواب: علامہ اقبال کا پہلا اُردو مجموعہ ''بانگِ درا'' ہے۔یہ مجموعہ ستمبر 1924ء میں شائع ہوا۔(بانگِ درا میں کل 2465 اشعار ہیں۔)

سوال:۔''بانگِ درا'' میں شامل چند نظموں کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔ہمالہ ۲۔مرزا غالبؔ ۳۔شاعر ۴۔داغ ۵۔شکوہ ۶۔جوابِ شکوہ
۷۔فاطمہ بنت عبداللہ ۸۔شبلی و حالیؔ ۹۔صدیق ۱۰۔بلال ۱۱۔شیکسپیئر ۱۲۔خضرِ راہ

سوال:۔بانگِ درا کی سب سے مختصر نظم کا نام کیا ہے؟ یہ نظم کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب: بانگِ درا کی سب سے مختصر نظم کا نام ''ساقی'' ہے۔یہ نظم تین اشعار پر مشتمل ہے۔

سوال:۔اقبال کی شعری تصنیف ''بانگِ درا'' کا دیباچہ کس نے لکھا؟

جواب: اقبال کی شعری تصنیف 'بانگِ درا' کا دیباچہ شیخ عبدالقادر نے لکھا۔

سوال:۔اقبال کا دوسرا اُردو شعری مجموعہ کون سا ہے؟ یہ کب شائع ہوا؟

جواب: اقبال کا دوسرا اُردو شعری مجموعہ "بالِ جبریل" ہے۔ یہ پہلی بار 1935ء میں شائع ہوئی۔

سوال: ۔بالِ جبریل کی ابتدا کس شعر سے ہوتی ہے؟

جواب: بالِ جبریل کی ابتدا درج ذیل شعر سے ہوتی ہے۔

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر

مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر

سوال: ۔اقبال نے بالِ جبریل کا پہلے نام کیا رکھا؟

جواب: اقبال نے بالِ جبریل کا نام پہلے "نشانِ منزل" رکھا۔

سوال: ۔بالِ جبریل میں شامل چند نظموں کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔مسجدِ قرطبہ ۲۔ذوق وشوق ۳۔ساقی نامہ ۴۔جبریل وابلیس ۵۔خودی ٦۔شاہین

سوال: ۔بالِ جبریل کا جرمن زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: ڈاکٹر این میری شمل نے بالِ جبریل کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا۔

سوال: ۔علامہ اقبال کا تیسرا اُردو شعری مجموعہ کون سا ہے؟ یہ کب شائع ہوا؟

جواب: علامہ اقبال کا تیسرا اُردو شعری مجموعہ "ضربِ کلیم" ہے۔ یہ 1936ء میں شائع ہوا۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے ضربِ کلیم کا پہلے کیا نام تجویز کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال نے ضربِ کلیم کا نام پہلے "صورِ اسرافیل" تجویز کیا تھا۔

سوال: ۔"ضربِ کلیم" کے کتنے عنوانات ہیں؟ تحریر کریں۔

جواب: ضربِ کلیم درج ذیل چھے عنوانات پر مشتمل ہے۔

ا۔شرق ومغرب ۲۔ادبیات وفنونِ لطیفہ ۳۔اسلام اور مسلمان ۴۔عورت

۵۔تعلیم وتربیت ٦۔محرابِ گل افغان کے افکار

سوال: ۔"ضربِ کلیم" کا فارسی ترجمہ کس نے پیش کیا؟

جواب: "ضربِ کلیم" کا فارسی ترجمہ خواجہ عبدالحمید عرفانی نے پیش کیا۔

سوال: ۔علامہ اقبال کی کون سی کتاب اُردو اور فارسی دونوں زبانوں میں پائی جاتی ہے؟

جواب: "ارمغانِ حجاز" اقبال کا ایسا مجموعۂ کلام ہے جو اُردو اور فارسی دونوں زبانوں میں پایا جاتا ہے۔

سوال: ۔علامہ اقبال کا کون سا مجموعہ اُن کی وفات کے بعد شائع ہوا؟

جواب: علامہ اقبال کا مجموعہ "ارمغانِ حجاز" اُن کی وفات کے سات ماہ بعد نومبر 1938ء میں شائع ہوئی۔

سوال: ۔"ارمغانِ حجاز" کی وجۂ تسمیہ بیان کریں۔

جواب: "ارمغان" کے لفظی مطلب تحفہ یا سوغات کے ہیں اور "حجاز" مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ کو کہا جاتا ہے۔ دراصل علامہ اقبال نے "ارمغانِ حجاز" مدینہ منورہ کے شوقِ سفر میں ساتھ لے جانے کے لیے بطور تحفہ تیار کی تھی۔

سوال: ۔"ارمغانِ حجاز" کا پنجابی ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: "ارمغانِ حجاز" کا پنجابی ترجمہ عبدالغفور اظہر نے کیا۔

سوال: ۔"ارمغانِ حجاز" میں فارسی اور اُردو کلام کس تناسب سے ہے؟

جواب: "ارمغانِ حجاز" کا تین چوتھائی حصہ فارسی کلام پر مشتمل ہے اور باقی کلام اُردو میں ہے۔

سوال: ۔علامہ اقبال کے فارسی کلام کا تیسرا مجموعہ کون سا ہے؟

جواب: علامہ اقبال کے فارسی کلام کا تیسرا مجموعہ "پیامِ مشرق" ہے۔

سوال:۔ "پیامِ مشرق" کا پورا نام لکھیں۔اس میں کل کتنی نظمیں شامل ہیں؟

جواب: پیامِ مشرق کا پورا نام "پیامِ مشرق در جواب دیوان شاعر المانوی گوئٹے" ہے۔اس میں کل اسّی (۸۰) نظمیں شامل ہیں۔

سوال:۔ "پیامِ مشرق" لکھنے کی وجہ بیان کریں/اقبال نے پیامِ مشرق کس مغربی شاعر سے متاثر ہو کر لکھی؟

جواب: علامہ اقبال نے "پیامِ مشرق" مشہور مغربی شاعر گوئٹے کے "پیامِ مغرب" کے جواب میں لکھی تھی۔

سوال:۔ "پیامِ مشرق" پہلی بار کب شائع ہوئی؟ نیز اس کا دیباچہ کس نے لکھا؟

جواب: "پیامِ مشرق" پہلی بار مئی 1923ء میں شائع ہوئی۔اس کا دیباچہ اقبال نے خود لکھا۔

سوال:۔ "پیامِ مشرق" کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

جواب: "پیامِ مشرق" پانچ حصوں پر مشتمل ہے۔

سوال:۔ "پیامِ مشرق" کے پہلے اور دوسرے حصے کا نام لکھیں۔

جواب: پیامِ مشرق کے پہلے حصے کا نام لالہ طور اور دوسرے حصے کا نام افکار ہے۔

سوال:۔ "پیامِ مشرق" کا جرمن زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: "پیامِ مشرق کا جرمن زبان میں ترجمہ ڈاکٹر این میری شمل نے کیا۔

سوال:۔ "پیامِ مشرق" میں اشعار کی کل تعداد کتنی ہے؟

جواب: "پیامِ مشرق" میں اشعار کی تعداد 1017 ہے۔

سوال:۔ علامہ اقبال کی سب سے پہلی تصنیف کا نام بتائیں؟ یہ کتاب کب شائع ہوئی؟

جواب: علامہ اقبال کی سب سے پہلی تصنیف "علم الاقتصاد" ہے۔یہ کتاب اُردو میں لکھی گئی اور 1903ء میں شائع ہوئی۔(علم الاقتصاد اُردو زبان میں معاشیات پر لکھی گئی پہلی کتاب ہے۔)

سوال:۔ "علم الاقتصاد" کو اقبال نے کس کی تحریک پر لکھا تھا اور یہ کتاب لکھنے کے لیے کس شخصیت سے راہنمائی لی تھی؟

جواب: "علم الاقتصاد" کو اقبال نے پروفیسر آرنلڈ کی تحریک پر لکھا تھا اور یہ کتاب لکھنے کے لیے علامہ شبلی نعمانی سے راہنمائی لی تھی۔

سوال:۔ "علم الاقتصاد" کے کتنے حصے ہیں؟ نیز یہ کتاب کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟

جواب: "علم الاقتصاد" کے پانچ حصے ہیں نیز یہ کتاب بیس (۲۰) ابواب پر مشتمل ہے۔

سوال:۔ "علم الاقتصاد" کے ذیلی عنوانات تحریر کریں۔

جواب: ۱۔زمین ۲۔محنت ۳۔سرمایہ ۴۔منافع ۵۔اُجرت ۶۔مالیہ
۷۔سود ۸۔آبادی ۹۔بین الاقوامی تجارت

سوال:۔ اقبال نے اپنی زندگی کا پہلا مضمون کس عنوان سے لکھا؟

جواب: اقبال نے اپنی زندگی کا پہلا مضمون "قومی زندگی" کے عنوان سے لکھا۔

سوال:۔ اقبال کے چوتھے فارسی مجموعے کا نام لکھیں۔یہ کب شائع ہوا؟

جواب: اقبال کے چوتھے فارسی مجموعے کا نام "زبورِ عجم" ہے۔یہ 1927ء میں شائع ہوا۔

سوال:۔ زبورِ عجم کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟ علامہ اقبال نے زبورِ عجم کا پہلے کیا نام رکھا تھا؟

جواب: زبورِ عجم چار حصوں پر مشتمل ہے۔علامہ اقبال نے زبورِ عجم کا نام پہلے "زبورِ جدید" رکھا تھا۔(علامہ اقبال کی پسندیدہ کتاب زبورِ عجم ہے۔)

سوال:۔ علامہ اقبال کی کوئی سی دو غیر مطبوعہ تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔تاریخِ عالم ۲۔رسالہ اجتہاد ۳۔تاریخ تصوف ۴۔حواشی قرآن مجید ۵۔ارشادات

سوال:۔ علامہ اقبال کی فارسی تصنیف "جاوید نامہ" کی اشاعت پر سید سلیمان ندوی نے کیا فرمایا؟

جواب: بقول سید سلیمان ندوی:۔"اس وقت تک فارسی ادب کی چار کتابوں کو بقائے دوام حاصل تھی ۔ اب ان کی تعداد پانچ ہو گئی ہے اور وہ چار کتابیں شاہنامہ فردوسی، دیوانِ حافظ، مثنوی مولانا روم اور گلستانِ سعدی ہیں ۔

سوال:۔ "جاوید نامہ" کب شائع ہوا؟

جواب: "جاوید نامہ" 1932ء میں شائع ہوا۔

سوال:۔ علامہ اقبال کی انگریزی میں کتنی تصانیف ہیں؟ کسی ایک کا نام لکھیں۔

جواب: علامہ اقبال کی انگریزی میں تین تصانیف ہیں ۔

1- Reconstruction of Religious Thoughts in Islam

2- The Muslim Community

3- The principle of Movement in structure of Islam

سوال:۔ علامہ اقبال نے اپنی کس کتاب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے؟

جواب: علامہ اقبال نے اپنی کتاب 'اسرار و رموز' میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

سوال:۔ اقبال کن الفاظ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں؟

جواب:

مسلم اول شہ مردان علی
عشق را سرمایہ ایمان علی

شاعری

سوال:۔ ڈاکٹر طاہر فاروقی اور مولانا عبدالسلام ندوی نے اقبال کی شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے؟

جواب: ڈاکٹر طاہر فاروقی اور مولانا عبدالسلام ندوی نے اقبال کی شاعری کو چار ادوار میں تقسیم کیا ہے ۔

۱۔ پہلا دور .... ابتداء سے لے کر 1905ء تک

۲۔ دوسرا دور .... 1905ء سے 1908ء تک

۳۔ تیسرا دور .... 1908ء سے 1924ء تک

۴۔ چوتھا دور .... 1924ء سے 1938ء تک

سوال:۔ ڈاکٹر سید عبداللہ نے اقبال کی شاعری کو کن پانچ ادوار میں تقسیم کیا ہے؟ تحریر کریں۔

جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ نے اقبال کی شاعری کو جن پانچ ادوار میں تقسیم کیا ہے، وہ درج ذیل ہیں ۔

۱۔ پہلا دور .... 1898ء سے 1905ء تک

۲۔ دوسرا دور .... 1905ء سے 1908ء تک

۳۔ تیسرا دور .... 1908ء سے 1918ء تک

۴۔ چوتھا دور .... 1918ء سے 1932ء تک

۵۔ پانچواں دور .... 1932ء سے 1938ء تک

سوال:۔ علامہ اقبال نے شروع میں غزل کہنے میں کس شاعر سے اصلاح لی؟

جواب: علامہ اقبال نے اپنی ابتدائی شاعری میں نواب مرزا داغ دہلوی سے اصلاح لی۔

سوال:۔ اقبال نے سب سے پہلا شعر کون سا کہا تھا؟

جواب: اقبال کا سب سے پہلا شعر درج ذیل ہے ۔

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چُن لیے
قطرے جو تھے میرے عرقِ انفعال کے

سوال: ۔علامہ اقبال کی ابتدائی نظم کون سی ہے اور یہ اُن کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

جواب: علامہ اقبال کی ابتدائی نظم "ہمالہ" ہے ۔یہ نظم اُن کے مجموعے بانگِ درا میں شامل ہے ۔(نظم آٹھ بندوں پر مشتمل ہے ۔)

سوال: ۔نظم "ہمالہ" پہلی بار کب اور کس رسالے میں شائع ہوئی؟

جواب: نظم "ہمالہ" پہلی بار شیخ عبدالقادر کے ادبی رسالے "مخزن" میں 1901ء میں شائع ہوئی ۔پہلی اشاعت کے وقت اس نظم کے بارہ (۱۲) بند تھے۔

سوال: ۔وطن پرستی کے حوالے سے اقبال کی تین نظموں کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔ترانۂ ہندی ۲۔ہندوستانی بچوں کا گیت ۳۔نیا شوالہ ۴۔صدائے درد

سوال: ۔علامہ اقبال نے اپنی شاعری کا آغاز کس دور میں کیا؟

جواب: علامہ اقبال نے اپنی فارسی شاعری کا آغاز دوسرے دور میں کیا۔

سوال: ۔اقبال کی پہلی طویل نظم کون سی ہے اور یہ کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب: اقبال کی پہلی طویل نظم "تصویرِ درد" ہے ۔یہ نظم ستر (۷۰) اشعار پر مشتمل ہے ۔یہ نظم "بانگِ درا" میں شامل ہے ۔

سوال: ۔اقبال نے اپنے اُستاد آرنلڈ کی جدائی میں کون سی نظم لکھی؟ نیز یہ نظم کب لکھی گئی؟

جواب: اقبال نے اپنے فلسفہ کے اُستاد مسٹر آرنلڈ کی جدائی میں نظم "نالۂ فراق" لکھی ۔یہ نظم 1904ء میں لکھی گئی۔

سوال: ۔اقبال نے اپنی والدہ محترمہ کے انتقال پر ایک مرثیہ لکھا تھا۔اس مرثیے کا نام لکھیں۔

جواب: اقبال نے اپنی والدہ محترمہ کے انتقال پر جو مرثیہ لکھا اُس کا نام "والدہ مرحومہ کی یاد میں" تھا۔

سوال: ۔اقبال کا لکھا ہوا مرثیہ "والدہ مرحومہ کی یاد میں" اُن کے کس مجموعے میں ہے اور یہ کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب: مرثیہ "والدہ مرحومہ کی یاد میں" اقبال کی کتاب "بانگِ درا" میں شامل ہے ۔یہ مرثیہ 86 اشعار پر مشتمل ہے۔

سوال: ۔اقبال نے کن اساتذہ سے شاعری میں اصلاح لی؟

جواب: اقبال نے درج ذیل شعرا سے شاعری کے سلسلے میں اصلاح لی۔

۱۔مولوی میر حسن ۲۔نواب مرزا داغ دہلوی ۳۔ارشد گورگانی

سوال: ۔علامہ اقبال نے خواجہ نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ پر کون سی نظم پڑھی ۔یہ نظم کب پڑھی گئی؟

جواب: علامہ اقبال نے خواجہ نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ پر اپنی نظم "التجائے مسافر" پڑھی ۔یہ نظم 2 ستمبر 1905ء میں پڑھی گئی۔

سوال: ۔مولانا حالیؔ کی کس نظم کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ علامہ اقبال اس کے عاشق تھے؟

جواب: مولانا حالیؔ کی نظم "مدوجزرِ اسلام (مسدسِ حالیؔ)" کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ علامہ اقبال اس نظم کے عاشق تھے ۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے اپنے والد کی وفات پر جو قطعہ لکھا اس میں انہیں اقبال نے کس نام سے یاد کیا؟

جواب: اقبال نے اپنے والد کی وفات پر جو قطعہ لکھا اُس میں انہوں نے اپنے والد کو "والد اور مرشد" کے نام سے یاد رکھا۔

سوال: ۔علامہ اقبال کو کن شعرا سے عقیدت تھی؟

جواب: علامہ اقبال کو مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ اور جرمنی کے مشہور شاعر گوئٹے سے عقیدت تھی ۔

سوال: ۔مغرب کے اُن فلسفیوں کے نام بتائیں جن کا ذکر علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں کیا ہے؟

جواب: ۱۔گوئٹے ۲۔کارل مارکس ۳۔لینن ۴۔نپولین ۵۔مسولینی

سوال: ۔اقبال کی نظم "خضرِ راہ" میں جن چار قرآنی سورتوں کی طرف اشارہ ملتا ہے ۔ان کی نشان دہی کریں ۔

جواب: ۱۔سورۃ کہف ۲۔سورۃ انعام ۳۔سورۃ نمل ۴۔سورۃ آلِ عمران

سوال: ۔علامہ اقبال کی نظم "طلوعِ اسلام" کا خاص موضوعِ سخن کیا ہے؟

جواب: علامہ اقبال کی نظم "طلوعِ اسلام" کا خاص موضوعِ سخن "مشرق کی آزادی" ہے۔

سوال: ۔"طلوعِ اسلام" کا آخری شعر کس شاعر کا ہے؟

جواب: "طلوعِ اسلام" کا آخری شعر حافظ شیرازی کا ہے۔(شعر درج ذیل ہے۔)

بیا تا گل بیفشانیم و مے در ساغر اندازیم
فلک را سقف بشگافیم و طرح دیگر اندازیم

سوال: ۔علامہ اقبال نے کس کو اپنا مرشد قرار دیا ہے؟

جواب: علامہ اقبال نے مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کو اپنا مرشد قرار دیا ہے۔

سوال: ۔اقبال نے لندن جانے سے قبل کس کے مزار پر حاضری دی؟

جواب: لندن جانے سے قبل اقبال نے "حضرت خواجہ نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ" کے مزار پر حاضری دی اور نظم "التجائے مسافر" پڑھی۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے اپنی آخری نظم کب اور کس عنوان سے لکھی؟

جواب: علامہ اقبال نے اپنی آخری نظم 8 فروری 1938ء کو "حضرت انسان" کے نام سے لکھی۔(یہ نظم اقبال کے شعری مجموعے "ارمغانِ حجاز" میں ہے اور چھے (۶) اشعار پر ہے۔)

سوال: ۔اقبال کی کن نظموں میں ابلیس کا ذکر موجود ہے؟

جواب: ۱۔ابلیس نامہ (ضربِ کلیم) ۲۔ابلیس و یزداں (ارمغانِ حجاز) ۳۔ابلیس کی مجلسِ شوریٰ (ارمغانِ حجاز)
۴۔جبریل و ابلیس (بالِ جبریل)

سوال: ۔مثنوی "اسرارِ خودی" میں اقبال نے کس موضوع پر بحث کی ہے؟

جواب: مثنوی "اسرارِ خودی" میں اقبال نے خودی کی حقیقت اور استحکام کے علاوہ تصوف کے موضوع پر بھی بحث کی ہے۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے اپنی کتاب "جاوید نامہ" کس مغربی شاعر سے متاثر ہو کر لکھی؟

جواب: علامہ اقبال نے اپنی کتاب "جاوید نامہ" مشہور مغربی شاعر دانتے کی کتاب ڈیوائن کامیڈین سے متاثر ہو کر لکھی۔

سوال: ۔اقبال کا کلام کن اخباروں میں شائع ہوتا رہا؟

جواب: ۱۔مخزن ۲۔زمیندار

سوال: ۔علامہ اقبال کی نظم "جوابِ شکوہ" کا آخری شعر لکھیں۔

جواب:
کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

سوال: ۔علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر لکھیں جس میں انہوں نے مرزا اسداللہ غالب کی عظمت کا اعتراف کیا ہو؟

جواب:
لطف گویائی میں تیری ہمسری ممکن نہیں
ہو تخیل کا نہ جب تک فکر کامل ہم نشیں

سوال: ۔بانگِ درا کا آخری شعر کون سا ہے؟

جواب:
اقبال بڑا اُپدیشک ہے من باتوں میں موہ لیتا ہے
گفتار کا یہ غازی تو بنا کردار کا غازی بن نہ سکا

سوال: ۔عورت کے مقام کے حوالے سے اقبال کا کوئی شعر لکھیں۔

جواب: وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ
اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دروں

سوال: ۔تصوف کے بارے میں اقبال کا کوئی شعر لکھیں۔

جواب: جنہیں میں ڈھونڈتا تھا آسمانوں میں زمینوں میں
وہ نکلے میرے ظلمت خانۂ دل کے مکینوں میں

سوال: ۔مسئلہ جبر وقدر کے حوالے سے اقبال کا کوئی شعر لکھیں۔

جواب: تقدیر کے پابند جمادات و نباتات
مومن فقط احکامِ الٰہی کا ہے پابند

سوال: ۔عشق اور عقل کے حوالے سے اقبال کا ایک ایک شعر لکھیں۔

جواب: گزر جا عقل سے آگے کہ یہ نور
چراغِ راہ ہے منزل نہیں ہے **(عقل کے حوالے سے)**
بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی **(عشق کے حوالے سے)**

سوال: ۔خودی کے بارے میں اقبال کا کوئی شعر لکھیں۔

جواب: خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

افکار و نظریات

سوال: ۔اقبال کا نظریہ خودی کیا ہے؟

جواب: اقبال کے نزدیک خودی ملت کے اتحاد استحکام اور عظمت کا واحد قابلِ عمل ذریعہ ہے۔اس کی رُو سے وحدتِ ملت کی بنیاد اسلام کے دو اساسی ارکان توحید اور رسالت پر رکھی گئی ہے۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے مسلمانوں کی زبوں حالی کے کون سے دو بنیادی اسباب بیان کیے ہیں؟

جواب: علامہ اقبال نے مسلمانوں کی زبوں حالی کے درج ذیل دو بنیادی اسباب بیان کیے ہیں۔

۱۔مسلمانوں کی بحیثیتِ فرد اپنے اسلامی اخلاق و کردار سے محرومی ۲۔مسلمانوں کا بحیثیتِ ملت اسلام کے اجتماعی نظام کو ترک کرنا

سوال: ۔ختمِ نبوت کے بارے میں اقبال کا نظریہ کیا ہے؟

جواب: ختمِ نبوت کے بارے میں اقبال کا نظریہ یہ ہے کہ حضور ﷺ کے بعد نہ کوئی رسول آئے گا اور نہ ہی کوئی نئی امت پیدا ہوگی۔اس لیے کسی نئی شریعت کے ظہور کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

سوال: ۔حضور اکرم ﷺ کے بارے میں علامہ اقبال کا کیا عقیدہ ہے؟

جواب: حضور اکرم ﷺ کے بارے میں اقبال کا عقیدہ یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ سے اس زمانے کے لوگ بھی اسی طرح مستفیض ہو سکتے ہیں جس طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنھم ہوا کرتے تھے۔

سوال: ۔اقبال نے مردِ مومن کی کیا تعریف کی ہے؟

جواب: اقبال کے مطابق مردِ مومن جہاں ایک طرف ریشم کی طرح نرم ہے وہیں دوسری طرف فولاد کی طرح سخت بھی ہے۔لیکن یہ دونوں صفات ایک دوسرے کی ضد ہونے کے باوجود آپس میں ہم آہنگی کا ایک حسین نمونہ پیش کرتی ہیں کیوں کہ مردِ مومن یاروں کے حلقے میں تو ریشم ہے لیکن حق و باطل

کی جنگ میں فولاد ہوتا ہے۔

سوال: ۔اقبال کے مردِ مومن کی پانچ خصوصیات بیان کیجیے۔

جواب: ۱۔عشق ۲۔جہد و عمل ۳۔حق گوئی ۴۔بے باکی ۵۔فقر و استغنا ۶۔جلال و جمال

سوال: ۔اقبال مسئلہ جبر و قدر کو کس طرح بیان کرتے ہیں؟

جواب: اقبال کا خیال ہے کہ انسان اللہ تعالی کے سامنے بے بس ہے لیکن دنیاوی اُمور میں اُسے قدرت حاصل ہے۔کائنات کی تمام اشیا قوانینِ قدرت کے تابع ہیں لیکن انسان کو بڑی حد تک عمل کی آزادی حاصل ہے۔انسان مادی اشیا کی تخلیق میں حصہ دار نہیں لیکن وہ ان کو منظم کر سکتا ہے۔انسان کو تنظیم و ترتیب پر قدرت حاصل ہے۔

سوال: ۔نطشے نے فوق البشر کی کون سی تین خصوصیات بیان کی تھیں؟

جواب: ۱۔قوت ۲۔فراست ۳۔تکبر

سوال: ۔اقبال کے نزدیک خودی کی تربیت کے تین مراحل بیان کیجیے۔

جواب: ۱۔اطاعتِ الٰہی ۲۔ضبطِ نفس ۳۔نیابتِ الٰہی

سوال: ۔اقبال کے نزدیک خودی کیسے تقویت پاتی ہے؟

جواب: ۱۔عشق و محبت سے ۲۔فقر و فاقہ سے ۳۔رزقِ حلال کھانے سے

سوال: ۔اقبال نے کن چار عناصر کو مسلمان بننے کی بنیاد قرار دیا ہے؟

جواب: ۱۔قہاری ۲۔غفاری ۳۔قدوسی ۴۔جبروت

قہاری و غفاری و قدوسی و جبروت
یہ چار عناصر ہوں تو بنتا ہے مسلمان

سوال: ۔اقبال نے شاہین کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب: شاہین کے بارے میں اقبال کہتے ہیں کہ یہ ایک خوددار اور غیرت مند پرندہ ہے اور کسی کے ہاتھ کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا۔بے تعلق ہے کہ آشیانہ نہیں بناتا۔بلند پرواز ہے،خلوت پسند ہے اور تیز نگاہ ہے۔

سوال: ۔اقبال نے خبر اور نظر کو کس کا نمائندہ کہا ہے؟

جواب: اقبال نے خبر کو عقل کا جب کہ نظر کو دل کا نمائندہ کہا ہے۔

سوال: ۔اقبال کی فکر کے سرچشمے کون سے ہیں؟

جواب: ۱۔قرآن مجید ۲۔حضور ﷺ کی ذات پاک

سوال: ۔اقبال کے نزدیک علمِ انسانی کے ذرائع کتنے اور کون کون سے ہیں؟

جواب: اقبال کے نزدیک علمِ انسانی کے دو ذرائع ہیں۔

۱۔عقل ۲۔وجدان

سوال: ۔علامہ اقبال نے کارل مارکس کو کن القابات سے نوازا ہے؟

جواب: ۱۔پیغمبرِ بے جبریل
۲۔مسیحِ بے صلیب
۳۔کلیمِ بے تجلی

سوال: ۔اقبال کا پسندیدہ نظام کون سا ہے؟اس نظام کی کوئی سی دو خصوصیات بیان کریں۔

جواب: اقبال کا پسندیدہ نظام "اسلامی نظام" ہے۔اس کی دو خصوصیات درج ذیل ہیں۔

۱۔باہمی اخوت ۲۔ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھنا

خطبات

سوال: ۔علامہ اقبال نے خطبہ الٰہ آباد کب دیا؟

جواب: علامہ اقبال نے خطبہ الٰہ آباد 1930ء میں دیا۔

سوال: ۔مسلم لیگ کے کس اجلاس میں علامہ اقبال نے اپنا خطبہ دیا؟

جواب: مسلم لیگ کے 21ویں اجلاس منعقدہ 29-30اپریل 1930ء (الٰہ آباد) میں اقبال نے اپنا خطبہ دیا۔

سوال: ۔خطبۂ الٰہ آباد میں اقبال نے نہرو رپورٹ کو کیا نام دیا؟

جواب: خطبۂ الٰہ آباد میں علامہ اقبال نے نہرو رپورٹ کو ''ہندو رپورٹ'' کا نام دیا۔

سوال: ۔اقبال نے اپنے خطبات کب اور کن شہروں میں دیے؟

جواب: اقبال نے اپنے خطبات دسمبر 1928 اور جنوری 1929ء میں دیے۔ یہ خطبات انہوں نے مدراس، حیدرآباد دکن اور علی گڑھ میں دیے۔

سوال: ۔اقبال نے اپنے خطبات کس زبان میں دیے اور اُن کے مجموعے کا نام کیا رکھا؟

جواب: اقبال نے اپنے خطبات انگریزی زبان میں دیے۔

خطبات کے مجموعے کا نام "Reconstruction of Religious Thoughts in Islam" رکھا۔

سوال: ۔اقبال کے یہ خطبات پہلی مرتبہ کب شائع ہوئے؟

جواب: اقبال کے یہ خطبات پہلی مرتبہ 1930 میں شائع ہوئے۔

سوال: ۔خطباتِ اقبال کا پہلی مرتبہ اُردو ترجمہ کب، کس نے اور کس نام سے کیا؟

جواب: خطباتِ اقبال کا پہلی مرتبہ اُردو ترجمہ 1936ء میں سید نذیر نیازی نے ''تشکیل جدید الٰہیاتِ اسلامیہ'' کے نام سے کیا۔

متفرقات

سوال: ۔علامہ اقبال نے عملی سیاست میں کب حصہ لیا؟

جواب: علامہ اقبال نے عملی سیاست میں 1926ء میں قدم رکھا۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے آل انڈیا مسلم لیگ کے جلسے کی صدارت کب کی؟

جواب: علامہ اقبال نے آل انڈیا مسلم لیگ کے جلسے کی صدارت 1930ء میں کی۔

سوال: ۔علامہ اقبال پہلی مرتبہ گول میز کانفرنس میں کب شریک ہوئے؟

جواب: علامہ اقبال پہلی مرتبہ 1931ء میں گول میز کانفرنس میں شریک ہوئے۔

سوال: ۔علامہ اقبال دوسری مرتبہ کب گول میز کانفرنس میں شریک ہوئے؟

جواب: علامہ اقبال 1932ء میں دوسری مرتبہ گول میز کانفرنس میں شریک ہوئے۔

سوال: ۔علامہ اقبال نے گول میز کانفرنس میں کتنی بار اور کب شرکت کی؟

جواب: علامہ اقبال نے لندن گول میز کانفرنس میں دوبار شرکت کی۔ پہلی مرتبہ 1931ء میں اور دوسری مرتبہ 1932ء میں شرکت کی۔

سوال: ۔علامہ اقبال کب اور کس کی دعوت پر افغانستان گئے؟

جواب: علامہ اقبال 1932ء میں نادر شاہ کی دعوت پر افغانستان کے تعلیمی دورے پر گئے۔

سوال: ۔دورۂ افغانستان کے دوران کون کون سی شخصیات علامہ اقبال کے ساتھ تھیں؟

جواب: دورۂ افغانستان کے دوران اقبال کے ساتھ علامہ سید سلیمان ندوی اور سر راس مسعود تھے۔ (سر راس مسعود سرسید کے پوتے تھے۔)

سوال: ۔علامہ اقبال یورپ کس سن گئے نیز یہ بھی بتائیں کہ یورپ سے واپسی کب ہوئی؟

جواب: علامہ اقبال 1905ء میں یورپ گئے ۔آپ 27 جولائی 1908ء میں وطن واپس آئے ۔

سوال: ۔شیخ عبدالقادر نے تاریخ کے حوالے سے غالب اور اقبال کے بارے میں کیا کہا تھا؟

جواب: شیخ عبدالقادر نے کہا تھا کہ" اقبال میں غالب کی روح سرایت کی ہوئی ہے ۔"

سوال: ۔اقبال کے چار غیر مسلم ممدوحین کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔ڈاکٹر نکلسن ۲۔ڈاکٹر آربری ۳۔پروفیسر بوسانی ۴۔پروفیسر یمل

سوال: ۔اقبال کو"زندہ رود" کا لقب کس نے دیا؟ نیز "زندہ رود" کا مطلب کیا ہے؟

جواب: اقبال کو زندہ رود کا لقب مولانا جلال الدین رومی نے دیا ۔زندہ رود کا مطلب "جیتا جاگتا دریا/زندہ دریا" ہے ۔

سوال: ۔علامہ اقبال شاعر کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: علامہ اقبال شاعر کو "دیدۂ بینائے قوم" کہتے ہیں ۔

سوال: ۔پہلا یومِ اقبال کب منایا گیا اور یہ کتنے دن جاری رہا؟

جواب: پہلا یومِ اقبال 21 اپریل 1948ء کو منایا گیا اور یہ تین دن تک جاری رہا ۔

سوال: ۔شیطان کو اقبال نے کیا لقب دیا؟

جواب: شیطان کو اقبال نے "خواجۂ اہلِ فراق" کا لقب دیا ۔

اقبال کے حوالے سے کتب

سوال:۔ اقبالیات کے حوالے سے لکھی گئی چند کتابیں اور اُن کے مصنفین کے نام لکھیں۔

جواب: اقبالیات کے حوالے سے لکھی گئی کتابیں اور اُن کے مصنفین کے نام درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف	نمبر شمار	نام کتاب	مصنف
1	زندہ رود	ڈاکٹر جاوید اقبال	2	روحِ اقبال	ڈاکٹر یوسف حسین خان
3	اقبال ایک نئی تشکیل	عزیز احمد	4	اقبال اور پاکستانی ادب	عزیز احمد
5	شعرِ اقبال	سید عابد علی عابدؔ	6	تلمیحاتِ اقبال	سید عابد علی عابدؔ
7	ذکرِ اقبال	عبدالمجید سالک	8	اقبال کا فنی ارتقا	جابر علی سید
9	اقبال کامل	عبدالسلام ندوی	10	اقبال شاعر اور فلسفی	سید وقار عظیم
11	تلاشِ اقبال	محمد علی صدیقی	12	اقبال فراموشی	ڈاکٹر سلیم اختر
13	اقبال کی طویل نظمیں	رفیع الدین ہاشمی	14	نقوشِ اقبال	ابوالحسین علی ندوی
15	اقبال کا تصورِ دین	شفیق الرحمن	16	نذرِ اقبال	شیخ عبدالقادر
17	اقبال کا ادبی نصب العین	ڈاکٹر سلیم اختر	18	فکرِ اقبال کے منور گوشے	ڈاکٹر سلیم اختر
19	اقبال فراموشی	ڈاکٹر سلیم اختر	20	اقبال کا نفسیاتی مطالعہ	ڈاکٹر سلیم اختر
21	اقبال اور جمالیات	ڈاکٹر نصیر احمد ناصر	22	اقبال کے فکری آئینے	ڈاکٹر حسن رضوی
23	اقبال سب کے لیے	ڈاکٹر فرمان فتح پوری	24	مسائلِ اقبال	ڈاکٹر سید عبداللہ
25	مطالعۂ اقبال	ڈاکٹر سید عبداللہ	26	طیفِ اقبال	ڈاکٹر سید عبداللہ
27	اقبال کا علم الکلام	علی عباس جلال پوری	28	اقبال کا تصورِ خودی	ڈاکٹر عابد حسین/ غلام عمر خان
29	فکرِ اقبال	غلام دستگیر رشید/ ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم	30	رازِ اقبال	خلیل الرحمن راز
31	ایران نامہ	مرتبہ:۔ گوہر نوشاہی	32	مطالعہ اقبال	مرتبہ:۔ گوہر نوشاہی
33	اقبال کے آخری دو سال	ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی	34	اقبال کا تصورِ زمان و مکان	رضی الدین
35	اقبال کے محبوب صوفیا	اعجاز الحق قدوسی	36	اقبال اور اس کا عہد	جگن ناتھ آزاد
37	اصلاحاتِ اقبال	بشیر الحق دستوری	38	جوہرِ اقبال	عبدالرحمن طارق
39	نذرِ اقبال	محمد حنیف شاہد	40	اقبال کا تنقیدی جائزہ	اختر جونا گڑھی
41	اقبال اپنے آئینے میں	رئیس احمد جعفری	42	اقبال امام ادب	رئیس احمد جعفری
43	اقبال اور عشقِ رسول ﷺ	رئیس احمد جعفری/ سید محمد عبدالرشید	44	اقبال کا نظریہ تصوف	بشیر حقی القادری
45	اقبال نامہ	چراغ حسن حسرت	46	اقبال اور قرآن	ابو محمد صالح/ پرویز/ ڈاکٹر عارف بٹالوی/ غلام مصطفیٰ خان
47	اقبال پر ایک نظر	احمد دین/ محمد شاہ/ نذیر الحق میرٹھی	48	باقیاتِ اقبال	سید عبدالواحد معینی
49	پیامِ اقبال	عبدالرحمن طارق	50	تصوراتِ اقبال	شاغل فخری

جواب: اقبالیات کے حوالے سے لکھی گئی کتابیں اور ان کے مصنفین کے نام درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف	نمبر شمار	نام کتاب	مصنف
51	ملفوظاتِ اقبال	محمود نظامی	52	اقبال با کمال	سید نذیر نیازی
53	دانائے راز	مولوی عبدالحق	54	عروجِ اقبال	ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی
55	فلسفۂ اقبال	ایم۔ایم۔شریف	56	انوارِ اقبال	بشیر احمد ڈار
57	خطوطِ اقبال	رفیع الدین ہاشمی (مرتب)	58	اقبال کے نثری افکار	عبدالغفار شکیل (مرتب)
59	مطالعہ مکاتیبِ اقبال	پروفیسر محمد امین اندرابی	60	سوزِ اقبال	منور لکھنوی
61	موضوعاتِ فکرِ اقبال	پروفیسر سمیع اللہ قریشی	62	اقبال اور تصوف	پروفیسر محمد فرمان
63	ایقانِ اقبال	پروفیسر محمد منور	64	برہانِ اقبال	پروفیسر محمد منور
65	احوال و آثارِ اقبال	ڈاکٹر محمد باقر	66	سیرتِ اقبال	ایم طاہر فاروقی
67	مطالعۂ اقبال	گوہر نوشاہی	68	اقبال کا مردِ مومن	پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری
69	اقبال: فکرِ اسلامی کی جدید تشکیل	سید حسین محمد جعفری	70	اقبال اور حدیث	ڈاکٹر محمد عبدالمقیت شاکر علیمی
71	اقبال اور غالب	ڈاکٹر حامد کاشمیری	72	خطوطِ اقبال	رفیع الدین ہاشمی
73	علامہ اقبال کی آخری خواہش	حافظ عاکف سعید	74	علامہ اقبال کا تصورِ ریاست	ڈاکٹر وحید قریشی
75	اقبال اور اقبالیات	پروفیسر عبدالحق	76	ایران میں اقبال شناسی کی روایت	ڈاکٹر سلیم اختر
77	اقبال اور فنونِ لطیفہ	شکیل الرحمن	78	اقبال کا تصورِ تاریخ	راشد حمید
79	اقبال اور عظمتِ آدم	قدیر امتیاز	80	اقبال اور محبتِ رسول ﷺ	محمد طاہر فاروقی
81	خطباتِ اقبال۔ایک جائزہ	محمد شریف بقا	82	خطباتِ اقبال	شریف کنجاہی
83	خطباتِ اقبال: نئے تناظر میں	ایم سہیل عمر	84	خطباتِ اقبال	رضیہ فرحت بانو (مرتب)
85	خطباتِ اقبال پر ایک نظر	سعید احمد اکبر آبادی	86	اقبال شناسی	علی سردار جعفری/منظور احمد
87	اقبال: شاعر اور سیاست داں	رفیق ذکریا	88	اقبال اور پاکستانی قومیت	ڈاکٹر وحید قریشی
89	اقبال کا تصورِ دین	شفیق الرحمن ہاشمی	90	اقبال کا ذہنی و فکری ارتقا	محمد وسیم انجم
91	اقبال کا فن	گوپی چند نارنگ	92	اقبال کی ابتدائی زندگی	ڈاکٹر سید سلطان محمود حسین
93	اقبال اور سوشلزم	جسٹس ایس۔اے رحمن	94	اقبال کے حضور	سید نذیر نیازی
95	ابتدائی کلامِ اقبال	ڈاکٹر گیان چند	96	اقبال کا نظامِ فن	ڈاکٹر عبدالمغنی
97	اقبال کی صحبت میں	محمد حسین عرشی	98	اطرافِ اقبال	ملک حسن اختر
99	اقبال	عطیہ بیگم/محمد حسین خان/احمد دین	100	اقبال	شکیل الرحمن/سمیع الحق

سابقہ حل شدہ معروضی پرچے

نوٹ:۔سابقہ حل شدہ پرچہ جات میں سے یہاں صرف وہی سوالات درج کیے جا رہے ہیں جو نیو کورس میں موجود ہیں۔

2007

سوال:۔اقبال کے انگریزی خطبات پہلی دفعہ کب شائع ہوئے؟

جواب: اقبال کے خطبات پہلی مرتبہ 1930ء میں لاہور سے شائع ہوئے۔

سوال:۔اقبال نے پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری کس ملک سے حاصل کی؟

جواب: علامہ اقبال نے پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری جرمنی سے حاصل کی۔

سوال:۔علامہ اقبال نے "خواجہ اہلِ فراق" کس شخصیت کو قرار دیا؟

جواب: علامہ اقبال نے خواجہ اہلِ فراق "ابلیس" کو قرار دیا ہے۔

سوال:۔اقبال کی نظم "ذوق وشوق" کا پہلا شعر کس زبان میں لکھا گیا ہے؟

جواب: اقبال کی نظم "ذوق وشوق" کا پہلا شعر فارسی زبان میں کہا گیا ہے۔

سوال:۔علامہ اقبال کی نظم "شمع اور شاعر" ان کے کون سے مجموعے میں ہے؟

جواب: علامہ اقبال کی نظم "شمع اور شاعر" اُن کے مجموعے بانگِ درا میں شامل ہے۔

سوال:۔"ذکرِ اقبال" کس ماہرِ اقبال کی تصنیف ہے؟

جواب: "ذکرِ اقبال" کے مصنف کا نام عبدالمجید سالک ہے۔

سوال:۔"پیامِ مشرق" پہلی بار کب شائع ہوئی؟ نیز اس کا دیباچہ کس نے لکھا؟

جواب: "پیامِ مشرق" پہلی بار مئی 1923ء میں شائع ہوئی۔اس کا دیباچہ اقبال نے خود لکھا۔

سوال:۔"اسرارِ خودی" کے اولین ایڈیشن کا دیباچہ کس نے لکھا؟

جواب: "اسرارِ خودی" کے اولین ایڈیشن کا دیباچہ اقبال نے خود لکھا۔

سوال:۔علامہ اقبال کی نظم "والدہ مرحومہ کی یاد میں" کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

جواب: علامہ اقبال کی نظم "والدہ مرحومہ کی یاد میں" ترکیب بند ہیئت میں لکھی گئی ہے۔

سوال:۔"ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" اقبال کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

جواب: "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" اُن کے مجموعہ ارمغانِ حجاز میں شامل ہے۔

سوال:۔نظم "مسجد قرطبہ" کتنے بندوں پر مشتمل ہے اور یہ کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

جواب: نظم "مسجد قرطبہ" آٹھ بندوں پر مشتمل ہے اور یہ ترکیب بند ہیئت میں لکھی گئی ہے۔

سوال:۔اقبال کی نظم "مردِ مسلمان" اُن کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

جواب: اقبال کی نظم "مردِ مسلمان" اُن کے مجموعہ کلام ضربِ کلیم میں شامل ہے۔

سوال:۔علامہ اقبال نے مسیح بے صلیب کس شخصیت کو قرار دیا ہے؟

جواب: علامہ اقبال نے مسیح بے صلیب "کارل مارکس" کو قرار دیا ہے۔

2008

سوال:۔مثنوی "اسرارِ خودی" پہلی بار کب شائع ہوئی؟

جواب: اقبال کی پہلی منظوم تصنیف "اسرارِ خودی" ہے۔یہ کتاب 1915ء میں شائع ہوئی۔

سوال:۔ نظم "ذوق وشوق" کے اکثر اشعار کہاں لکھے گئے ہیں؟

جواب: نظم "ذوق وشوق" کے اکثر اشعار فلسطین میں لکھے گئے۔ (نظم "ذوق وشوق" بالِ جبریل کے حصہ منظومات کی نویں نظم ہے۔)

سوال:۔ "فکرِ اقبال" اور "شعرِ اقبال" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: i۔فکرِ اقبال..................ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم / غلام دستگیر رشید ii۔شعرِ اقبال..................سید عابد علی عابدؔ

سوال:۔ اقبال نے کن چار عناصر کو مسلمان بننے کی بنیاد قرار دیا ہے؟

جواب: اقبال نے درج ذیل چار عناصر کو مسلمان بننے کی وجہ قرار دیا ہے۔ ۱۔قہاری ۲۔غفاری ۳۔قدوسی ۴۔جبروت

سوال:۔ اقبال نے خبر اور نظر کو کن کا نمائندہ کہا ہے؟

جواب: اقبال نے خبر کو عقل کا جبکہ نظر کو دل کا نمائندہ کہا ہے۔

سوال:۔ اقبال کی فکر کے سرچشمے کون کون سے ہیں؟

جواب: ۱۔قرآن مجید ۲۔حضور ﷺ کی ذات پاک

سوال:۔ "ارمغانِ حجاز" کی وجۂ تسمیہ بیان کریں۔

جواب: "ارمغان" کے لفظی مطلب تحفہ یا سوغات کے ہیں اور "حجاز" مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ کو کہا جاتا ہے۔ دراصل علامہ اقبال نے "ارمغانِ حجاز" مدینہ منورہ کے شوقِ سفر میں ساتھ لے جانے کے لیے بطور تحفہ تیار کی تھی۔

2009

سوال:۔ مثنوی "مسافر" کا تعلق اقبال کے کس ملک کے سفر سے ہے؟

جواب: مثنوی مسافر کا تعلق اقبال کے سفرِ افغانستان سے ہے۔

سوال:۔ ضربِ کلیم پہلی مرتبہ کب شائع ہوئی؟

جواب: ضربِ کلیم پہلی مرتبہ 1936ء میں شائع ہوئی۔

سوال:۔ "اقبال کی طویل نظمیں" میں کتنی نظموں کا فکری وفنی مطالعہ کیا گیا ہے؟

جواب: "اقبال کی طویل نظمیں" کتاب میں اقبال کی دس نظموں کا فکری وفنی مطالعہ کیا گیا ہے۔

سوال:۔ "اقبال کامل" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: "اقبال کامل" عبدالسلام ندوی کی تصنیف ہے۔

سوال:۔ نظم "مرزا غالب" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

جواب: نظم "مرزا غالب" بانگِ درا میں شامل ہے۔ ("مرزا غالب" بانگِ درا کے حصہ اول کی چوتھی نظم ہے۔)

سوال:۔ علامہ اقبال کی پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال کی پہلی بیوی کا نام "کریم بی بی" تھا۔

سوال:۔ نظم "مسجدِ قرطبہ" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

جواب: نظم "مسجدِ قرطبہ" اقبال کے شعری مجموعے "بالِ جبریل" میں شامل ہے۔ (یہ نظم آٹھ بندوں پر مشتمل ہے اور ہر بند میں آٹھ اشعار ہیں۔)

سوال:۔ اقبال کے خطبات پہلی مرتبہ کب اور کہاں سے شائع ہوئے؟

جواب: اقبال کے خطبات پہلی مرتبہ 1930ء میں لاہور سے شائع ہوئے۔

سوال:۔ علامہ اقبال کے خادم کا نام کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال کے خادم کا نام علی بخش تھا۔

سوال:۔اقبال کی پہلی نثری تصنیف کا نام لکھیں۔

جواب: اقبال کی پہلی نثری تصنیف کا نام ''علم الاقتصاد'' ہے۔(علم الاقتصاد 1903ء میں لاہور سے شائع ہوئی۔)

سوال:۔نظم ''ذوق وشوق'' کے اکثر اشعار کس ملک میں لکھے گئے؟

جواب: نظم ''ذوق وشوق'' کے اکثر اشعار فلسطین میں لکھے گئے۔(نظم 'ذوق وشوق' بالِ جبریل کے حصہ منظومات کی نویں نظم ہے۔)

سوال:۔علامہ اقبال نے پی ایچ ڈی کی ڈگری کس ملک سے حاصل کی؟

جواب: علامہ اقبال نے پی ایچ ڈی کی ڈگری جرمنی سے حاصل کی۔

سوال:۔اُردو اور فارسی کلام پر مشتمل اقبال کے مجموعے کا نام لکھیں۔

جواب: اُردو اور فارسی کلام پر مشتمل اقبال کے مجموعے کا نام ''ارمغانِ حجاز'' ہے۔

سوال:۔''مسولینی'' نام کی نظم اقبال کے کن دو مجموعوں میں شامل ہے؟

جواب: ''مسولینی' نام کی نظم اقبال کے دو مجموعوں بالِ جبریل اور ضربِ کلیم میں شامل ہے۔

سوال:۔اقبال نے خودی کے کتنے مراحل بیان کیے ہیں؟

جواب: اقبال نے خودی کے تین مراحل بیان کیے ہیں۔ (ا۔اطاعتِ الٰہی ۲۔ضبطِ نفس ۳۔نیابتِ الٰہی)

سوال:۔اقبال نے کن چار عناصر کو مسلمان بننے کی وجہ قرار دیا ہے؟

جواب: اقبال نے درج ذیل چار عناصر کو مسلمان بننے کی وجہ قرار دیا ہے۔ ا۔قہاری ۲۔غفاری ۳۔قدوسی ۴۔جبروت

سوال:۔علامہ اقبال کے والد اور والدہ کا نام تحریر کریں۔

جواب: علامہ اقبال کے والد کا نام شیخ نور محمد اور اُن کی والدہ کا نام امام بی بی تھا۔

2010

سوال:۔اقبال نے بیرسٹری کی ڈگری کس شہر سے حاصل کی؟

جواب: اقبال نے بیرسٹری کی ڈگری کیمبرج سے حاصل کی۔

سوال:۔''شعرِ اقبال'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ''شعرِ اقبال'' عابد علی عابد کی تصنیف ہے۔

سوال:۔اقبال کی پہلی مطبوعہ کتاب کا نام لکھیں۔

جواب: اقبال کی پہلی کتاب کا نام ''علم الاقتصاد'' ہے۔(''علم الاقتصاد اقبال کی نثری تصنیف ہے جو 1903ء میں شائع ہوئی۔)

سوال:۔''جوہرِ اقبال'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ''جوہرِ اقبال'' عبدالرحمٰن طارق کی تصنیف ہے۔

سوال:۔مسجدِ قرطبہ کس دریا کے کنارے واقع ہے؟

جواب: مسجدِ قرطبہ دریائے کبیر کے کنارے واقع ہے۔

سوال:۔''اقبال سب کے لیے'' کے مصنف کا نام لکھیں۔

جواب: ''اقبال سب کے لیے'' کے مصنف کا نام ڈاکٹر فرمان فتح پوری ہے۔

سوال:۔اقبال نے ''بالِ جبریل'' کا پہلا نام کون سا تجویز کیا تھا؟

جواب: اقبال نے بالِ جبریل کا پہلا نام ''نشانِ منزل'' تجویز کیا تھا۔

سوال:۔اقبال نے شاعری میں سب سے پہلے کس سے اصلاح لی؟

جواب: اقبال نے شاعری میں سب سے پہلے اصلاح نواب مرزا داغ وارشد گورگانی سے لی۔

سوال:۔"اقبال اور مشاہیر" کو کس نے مرتب کیا؟

جواب: "اقبال اور مشاہیر" کو ڈاکٹر طاہر تونسوی نے مرتب کیا۔

سوال:۔"اقبال، ایک نئی تشکیل" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: "اقبال، ایک نئی تشکیل" کے مصنف کا نام عزیز احمد ہے۔

سوال:۔"باقیاتِ اقبال" کو کس نے مرتب کیا؟

جواب: "باقیاتِ اقبال" کو سید عبدالواحد معینی نے مرتب کیا۔

سوال:۔اقبال نے برقی علاج کے لیے کس ملک کا سفر اختیار کیا؟

جواب: اقبال نے برقی علاج کے لیے بھوپال کا سفر اختیار کیا۔

سوال:۔"اقبال کی طویل نظمیں" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: "اقبال کی طویل نظمیں" رفیع الدین ہاشمی کی تصنیف ہے۔

سوال:۔نظم "ہمالہ" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

جواب: نظم "ہمالہ" بانگِ درا میں شامل ہے۔(ہمالہ بانگِ درا کی پہلی نظم ہے۔مسدس ہیئت میں ہے اور آٹھ بندوں پر مشتمل ہے۔)

سوال:۔نظم "ہسپانیہ" کل کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب: نظم "ہسپانیہ" کل سات اشعار پر مشتمل ہے۔("ہسپانیہ" بالِ جبریل کے حصہ منظومات کی پانچویں نظم ہے۔)

سوال:۔پیامِ مشرق کا جرمن زبان میں کس نے ترجمہ کیا؟

جواب: ڈاکٹر این میری شمل نے پیامِ مشرق کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا۔

سوال:۔اقبال کے چار غیر مسلم مدوحین کے نام لکھیں۔

جواب: اقبال کے غیر مسلم مدوحین کے نام درج ذیل ہیں

۱۔ڈاکٹر نکلسن ۲۔پروفیسر آربری ۳۔پروفیسر بوسانی ۴۔پروفیسر شمل

سوال:۔"بانگِ درا" میں شامل اقبال کی چار مشہور نظموں کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔ہمالہ ۲۔مرزا غالب ۳۔شکوہ ۴۔جوابِ شکوہ ۵۔بلال ۶۔داغ ۷۔التجائے مسافر

سوال:۔"افراد کے ہاتھوں میں ہے قوم کی تقدیر" اقبال کی کس نظم کا مصرعہ ہے اور یہ کون سی کتاب میں شامل ہے؟

جواب: یہ مصرعہ اقبال کی نظم "بڈھے بلوچ کی نصیحت بیٹے کو" سے لیا گیا ہے۔مجموعے کا نام "ارمغانِ حجاز" ہے۔

سوال:۔اقبال کی مشہور نظم "جوابِ شکوہ" کا کوئی شعر لکھیں۔

جواب:

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

سوال:۔"بالِ جبریل" کی ابتدا کس شعر سے ہوتی ہے؟

جواب: بالِ جبریل کی ابتدا درج ذیل شعر سے ہوتی ہے۔

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر!

(یہ شعر "بھرتری ہری" کا ہے جس سے اقبال نے بالِ جبریل کی ابتدا کی ہے۔) بالِ جبریل کی پہلی غزل کا پہلا شعر درج ذیل ہے۔

میری نوائے شوق سے شور حریم ذات میں!
غلغلہ ہائے الاماں بت کدۂ صفات میں!

سوال:۔اقبال کے کس شعر سے ہندو مسلم اتحادو اتفاق کا اظہار ہوتا ہے؟

جواب: اقبال کے درج ذیل شعر سے ہندو مسلم اتحادو اتفاق کا اظہار ہوتا ہے۔

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

سوال:۔علامہ اقبال کی بیگمات کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔کریم بی بی ۲۔سردار بیگم ۳۔مختار بیگم

2011

سوال:۔اقبال کس امتحان میں درجہ سوم میں کامیاب ہوئے؟

جواب: اقبال ایم اے کے امتحان میں درجہ سوم (تھرڈ ڈویژن) میں کامیاب ہوئے۔

سوال:۔انجمن حمایتِ اسلام کے سالانہ جلسے میں اقبال نے پہلی بار کون سی نظم پڑھی؟

جواب: "نالہ یتیم" نامی نظم اقبال نے پہلی مرتبہ انجمن حمایتِ اسلام کے سالانہ جلسے میں پڑھی۔

سوال:۔اطالوی حکمران مسولینی سے اقبال کی ملاقات کس سال ہوئی؟

جواب: اطالوی حکمران مسولینی سے اقبال کی ملاقات 1931ء میں ہوئی۔

سوال:۔اقبال کے بیٹوں اور بیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: اقبال کے بیٹوں اور بیٹیوں کی تعداد چار ہے۔ (ا۔آفتاب اقبال ۲۔جاوید اقبال ۳۔منیرہ بیگم ۴۔معراج بیگم)

سوال:۔اقبال نے بیرسٹری کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟

جواب: اقبال نے بیرسٹری کی ڈگری کیمبرج سے حاصل کی۔

سوال:۔علامہ اقبال نے ایم اے فلسفہ کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟

جواب: علامہ اقبال نے ایم اے فلسفہ کی ڈگری گورنمنٹ کالج لاہور سے حاصل کی۔

سوال:۔اقبال نے یورپ جاتے ہوئے کس ہستی کے مزار پر حاضری دی؟

جواب: اقبال نے یورپ جاتے ہوئے خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر حاضری دی اور اپنی نظم "التجائے مسافر" پڑھی۔

سوال:۔اقبال نے "مجذوبِ فرنگی" کس کو کہا ہے؟

جواب: اقبال نے مجذوبِ فرنگی "نطشے" کو کہا ہے۔

سوال:۔نظم "طلوعِ اسلام" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

جواب: نظم "طلوعِ اسلام" اقبال کے شعری مجموعے "بانگِ درا" میں شامل ہے۔

سوال:۔اقبال کے بڑے صاحبزادے کا نام کیا ہے؟

جواب: اقبال کے بڑے صاحبزادے کا نام "آفتاب اقبال" ہے۔

سوال:۔اردو اور فارسی کلام پر مشتمل اقبال کے مجموعے کا نام لکھیں۔

جواب: اردو اور فارسی کلام پر مشتمل اقبال کے مجموعے کا نام "ارمغانِ حجاز" ہے۔

سوال:۔"اقبال نئی تشکیل" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ''اقبال نئی تشکیل'' عزیز احمد کی تصنیف ہے۔

سوال: ۔اقبال کے انگریزی خطبات کا پہلا ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: اقبال کے انگریزی خطبات کا پہلا ترجمہ سید نذیر نیازی نے کیا تھا۔(تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ)

سوال: ۔اقبال کا فارسی مجموعہ کلام ''جاوید نامہ'' کب شائع ہوا؟

جواب: اقبال کا فارسی مجموعہ کلام ''جاوید نامہ'' 1932ء میں شائع ہوا۔

سوال: ۔اقبال کے دو فارسی شعری مجموعوں کے نام بتائیے؟

جواب: ا۔جاوید نامہ ۲۔پیامِ مشرق ۳۔اسرار و رموز

سوال: ۔اقبال نے جن اداروں میں تعلیم پائی، ان میں سے کوئی سے دو کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔مرے کالج ۲۔گورنمنٹ کالج لاہور

سوال: ۔ایسے دو یورپی شاعروں کے نام لکھیں جن کی نظموں کا ترجمہ کلامِ اقبال میں شامل ہے؟

جواب: ا۔گوئٹے ۲۔ٹینی سن ۳۔ایمرسن

سوال: ۔اقبال کی ایسی دو نظموں کا حوالہ دیں جن کے عنوانات یورپی شخصیات کے نام پر رکھے گئے؟

جواب: ا۔مسولینی ۲۔نپولین کے مزار پر ۳۔لینن (خدا کے حضور میں)

سوال: ۔اقبال کے دو غیر مسلم اساتذہ کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔پروفیسر آرنلڈ ۲۔میگرٹ ۳۔سنے شال

سوال: ۔اقبال کے صاحبزادوں کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔آفتاب اقبال ۲۔جاوید اقبال

سوال: ۔اقبال کے دو نثری مجموعوں کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔علم الاقتصاد ۲۔تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ (خطبات)

سوال: ۔اقبال کا کوئی ایسا شعر لکھیں جس میں کسی حدیث کے الفاظ ہوں۔

جواب: کل مومن اخوۃ اندر دلش
حریت سرمایہ آب و گلش

سوال: ۔اقبال کے انگریزی خطبات کی تفہیم و تشریح سے متعلق دو کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔خطبات اقبال (رضیہ فرحت بانو) ۲۔فکرِ اقبال (خلیفہ عبدالحکیم) ۳۔اقبال کے نثری افکار

سوال: ۔اقبال نے جن یورپی ممالک کی سیاحت کی، ان میں سے کوئی سے دو کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔انگلستان ۲۔پیرس (فرانس) ۳۔جرمنی ۴۔اٹلی

سوال: ۔اقبال کس امتحان میں درجہ اول میں کامیاب ہوئے؟

جواب: اقبال میٹرک کے امتحان میں درجہ اول میں کامیاب ہوئے۔

سوال: ۔اقبال نے "The Muslim Community" نامی خطبہ کس شہر میں دیا؟

جواب: اقبال نے "The Muslim Community" نامی خطبہ علی گڑھ میں دیا۔

سوال: ۔اقبال کب مجلس قانون ساز کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب: اقبال 1926ء میں مجلس قانون ساز کے رکن منتخب ہوئے۔

سوال: ۔اقبال نے کتنی شادیاں کیں؟

جواب: اقبال نے تین شادیاں کیں۔ (۱۔کریم بی بی ۲۔سردار بیگم ۳۔مختار بیگم)

سوال:۔اقبال کے برادر محترم کا نام کیا تھا؟

جواب: اقبال کے برادر محترم کا نام شیخ عطا محمد تھا۔

سوال:۔بی۔اے میں اقبال نے کون کون سے مضامین پڑھے تھے؟

جواب: بی۔اے میں اقبال نے انگریزی، عربی اور فلسفہ کے مضامین پڑھے تھے۔

سوال:۔اقبال گھر پر عام طور پر کس قسم کا لباس پہنتے تھے؟

جواب: اقبال گھر پر عموماً تہبند اور بنیان پہنتے تھے۔

سوال:۔نظم "خضرراہ" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

جواب: نظم "خضرراہ" اقبال کے مجموعہ بانگِ درا میں شامل ہے۔

سوال:۔رسالہ "مخزن" میں شائع ہونے والی اقبال کی پہلی نظم کا نام لکھیں۔

جواب: رسالہ "مخزن" میں شائع ہونے والی اقبال کی پہلی نظم کا نام "ہمالہ" ہے۔

سوال:۔اقبال کی بڑی بیٹی کا نام کیا ہے؟

جواب: اقبال کی بڑی بیٹی کا نام "معراج بیگم" ہے۔

سوال:۔اقبال کے فارسی شعری مجموعوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: اقبال کے فارسی مجموعوں کی تعداد چھ (۶) ہے۔جن کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔اسرارِ خودی ۲۔رموزِ بے خودی ۳۔پیامِ مشرق ۴۔زبورِ عجم ۵۔جاوید نامہ
۶۔پس چہ باید کرد اے اقوامِ شرق

سوال:۔"اقبال کا فکری ارتقاء" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: اقبال کا فکری ارتقا "جابر علی سید" کی تصنیف ہے۔

سوال:۔مثنوی "اسرارِ خودی" کا پہلا انگریزی ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: مثنوی "اسرارِ خودی" کا پہلا انگریزی ترجمہ پروفیسر نکلسن نے کیا تھا۔

سوال:۔اقبال کا شعری مجموعہ "ضربِ کلیم" کس سن میں شائع ہوا؟

جواب: اقبال کا شعری مجموعہ "ضربِ کلیم" 1936ء میں شائع ہوا۔

سوال:۔یورپ سے حاصل کی گئی اقبال کی کوئی سی دو ڈگریوں کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔بیرسٹر ایٹ لاء ۲۔پولیٹیکل سائنس

سوال:۔مکاتیبِ اقبال کے کوئی سے دو مجموعوں کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔مکاتیبِ اقبال بنام گرامی (محمد عبداللہ قریشی) ۲۔مکاتیبِ اقبال (محمد عبداللہ قریشی)
۳۔اشاریہ مکاتیبِ اقبال (صابر کلوری) ۴۔مکاتیبِ اقبال بنام نیاز الدین

سوال:۔اقبال کا کوئی ایسا شعر لکھیں جس میں کسی قرآنی آیت کا جز شامل ہو۔

جواب:
خودی کا سرِ نہاں لا الہ الا اللہ
خودی ہے تیغ، فساں لا الہ الا اللہ

سوال:۔ایسے دو شاعروں کے نام بتایئے جن کے اشعار اقبال نے اپنی نظموں میں شامل کیے ہوں۔

جواب: ۱۔حافظ شیرازی ۲۔غنی کاشمیری

سوال: ۔اقبال سے متعلق دو سوانح عمریوں کے نام بتایئے۔

جواب: ۱۔زندہ رود (جاوید اقبال) ۲۔سیرت اقبال (ایم طاہر فاروقی) ۳۔اقبال کامل (مولانا عبدالسلام ندوی)
۴۔نقوش اقبال (سید سلیمان ندوی)

سوال: ۔اقبال کے دو خطبات کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔علم اور مذہبی مشاہدات ۲۔مذہبی مشاہدات کا فلسفیانہ معیار ۳۔اسلامی ثقافت کی روح
۴۔ذاتِ الٰہیہ کا تصور اور حقیقتِ دُعا ۵۔الاجتہاد فی الاسلام ۶۔خودی، جبر وقدر، حیات بعد الموت
۷۔کیا مذہب کا امکان ہے؟

2012

سوال: ۔1936ء میں کتابی صورت میں شائع ہونے والی اقبال کی فارسی مثنوی کا پورا نام لکھیں۔

جواب: 1936ء میں کتابی صورت میں شائع ہونے والی اقبال کی فارسی مثنوی کا پورا نام "پس چہ باید کرد اے اقوام شرق" ہے۔

سوال: ۔برصغیر کے کوئی سے دو مشاہیر پر لکھی گئی اقبال کی دو نظموں کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔مرزا غالبؔ ۲۔داغؔ ۳۔شبلی و حالی

سوال: ۔اقبال نے جن اداروں میں باقاعدہ ملازمت کی ان میں سے دو کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔گورنمنٹ کالج لاہور ۲۔اورینٹل کالج لاہور

سوال: ۔"کلیاتِ مکاتیبِ اقبال" کے مرتب کا نام اور جلدوں کی تعداد بتایئے؟

جواب: "کلیاتِ مکاتیبِ اقبال" کا نام سید مظفر حسین برنی ہے اور جلدوں کی تعداد چار (۴) ہے۔

سوال: ۔اقبال کے خیال میں قیصر و کسریٰ کے استبداد کو کس نے مٹایا؟

جواب: اقبال کے خیال میں قیصر و کسریٰ کے استبداد کو حضرت محمد ﷺ نے مٹایا۔

سوال: ۔دورۂ جنوبی ہند میں اقبال جن شہروں میں گئے، ان میں سے دو کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔میسور ۲۔حیدرآباد دکن

سوال: ۔اقبال نے کون سی ڈگری دو مرتبہ حاصل کی؟

جواب: اقبال نے ایم۔اے کی ڈگری دو مرتبہ حاصل کی۔

سوال: ۔اقبال کی اہلیہ مختار بیگم کا تعلق کس شہر سے تھا؟

جواب: اقبال کی اہلیہ مختار بیگم کا تعلق لدھیانہ شہر سے تھا۔

سوال: ۔1915ء میں اقبال کی کون سی کتاب شائع ہوئی؟

جواب: 1915ء میں اقبال کی کتاب اسرارِ خودی شائع ہوئی۔

سوال: ۔برقی علاج کی غرض سے اقبال نے کس ریاست کا بار ہا سفر کیا؟

جواب: برقی علاج کی غرض سے اقبال نے بھوپال کا سفر بار ہا کیا۔

سوال: ۔اقبال کا کون سا مجموعہ اُن کی وفات کے بعد شائع ہوا؟

جواب: اقبال کا شعری مجموعہ "ارمغانِ حجاز" اُن کی وفات کے بعد 1938ء میں شائع ہوا۔

سوال: ۔اورینٹل کالج لاہور میں اقبال کا تقرر کس حیثیت سے ہوا؟

جواب: اورینٹل کالج لاہور میں اقبال کا تقرر میکلوڈ عربک ریڈر کی حیثیت سے ہوا۔

سوال:۔ اقبال نے جرمن زبان کس سے سیکھی؟

جواب: اقبال نے جرمن زبان ایما ویگے ناسٹ سے سیکھی۔

سوال:۔ اقبال نے قیامِ یورپ کے دوران کتنی ڈگریاں حاصل کیں؟

جواب: اقبال نے قیامِ یورپ کے دوران تین ڈگریاں حاصل کیں۔

سوال:۔ اقبال کی زیادہ تر غزلیں اُن کے کس مجموعہ میں شامل ہیں؟

جواب: اقبال کی زیادہ تر غزلیں ان کے مجموعہ "بالِ جبریل" میں شامل ہیں۔

سوال:۔ دورۂ افغانستان کے دوران اقبال کے ساتھ کون سی مشہور شخصیات ہمراہ تھیں؟

جواب: دورۂ افغانستان کے دوران اقبال کے ہمراہ سید سلیمان ندوی اور سر راس مسعود تھے۔

سوال:۔ اقبال کی چھوٹی بیٹی کا نام لکھیں۔

جواب: اقبال کی چھوٹی بیٹی کا نام منیرہ بیگم ہے۔

سوال:۔ علامہ اقبال کے پہلے شعری مجموعے کا نام لکھیں۔

جواب: علامہ اقبال کے پہلے شعری مجموعے کا نام "اسرارِ خودی" ہے۔ یہ مجموعہ 1915ء میں شائع ہوا۔

سوال:۔ 1931ء میں موتمر عالم اسلامی میں شرکت کے لیے اقبال کہاں گئے تھے؟

جواب: 1931ء میں موتمر عالمِ اسلامی میں شرکت کرنے کے لیے لندن گئے۔

2013

سوال 1:۔ اقبال کے صاحبزادوں کے نام لکھیں۔

جواب: اقبال کے صاحبزادوں کے نام درج ذیل ہیں۔ ۱۔ آفتاب اقبال ۲۔ جاوید اقبال

سوال 2:۔ اقبال نے جن یورپی ممالک کی سیاحت کی ان میں سے دو کی نشان دہی کیجیے۔

جواب: ۱۔ انگلستان ۲۔ سپین ۳۔ اٹلی ۴۔ فرانس ۵۔ جرمنی

سوال 3:۔ اقبال کی نظم "شکوہ" کا کوئی ایک شعر لکھیے۔

جواب:

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز
دشت تو دشت دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحرِ ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

سوال 4:۔ شعر مکمل کیجیے۔

جواب: خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانشِ فرنگ ....

خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانشِ فرنگ
سرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف

سوال 5:۔ اقبال کے مجموعہ کلام "ضربِ کلیم" سے دو نظموں کے عنوان لکھیے۔

جواب: ۱۔ لا الٰہ الا اللہ ۲۔ معراج ۳۔ اسلام ۴۔ نماز ۵۔ دنیا ۶۔ قبر
۷۔ مومن ۸۔ مہدی ۹۔ موت ۱۰۔ طالب علم ۱۱۔ امتحان ۱۲۔ مدرسہ
۱۳۔ اساتذہ ۱۴۔ اقبال

سوال 6:۔ "اقبال سب کے لیے" کے مصنف کا نام تحریر کریں۔

جواب: "اقبال سب کے لیے" کے مصنف کا نام ڈاکٹر فرمان فتح پوری ہے۔

سوال 7:۔ اقبال نے اپنی والدہ ماجدہ کے انتقال پر کون سی نظم لکھی تھی؟

جواب: اقبال نے اپنی والدہ ماجدہ کے انتقال پر "والدہ مرحومہ کی یاد میں" نامہ نظم لکھی تھی۔

سوال 8:۔ انگلستان جانے سے پہلے خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر اقبال نے کون سی نظم پڑھی؟

جواب: انگلستان جانے سے پہلے خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر اقبال نے "التجائے مسافر" نامی نظم پڑھی تھی۔

سوال 9:۔ 1932ء میں سپین سے واپسی پر علامہ اقبال نے کہاں کی سیاحت کی؟

جواب: 1932ء میں واپسی پر علامہ اقبال نے افغانستان کی سیاحت کی۔

سوال 10:۔ بال جبریل کی پہلی غزل کا پہلا شعر (مطلع) کون سا ہے؟

جواب: بال جبریل کی پہلی غزل کا پہلا شعر (مطلع) درج ذیل ہے۔

میری نوائے شوق سے شور حریم ذات میں
غلغلہ ہائے الاماں بت کدۂ صفات میں



سوال 1:۔ اقبال کی زندگی میں ان کے کس فارسی مجموعے کا انگریزی ترجمہ ہوا؟ مترجم کا نام بھی درج کیجیے۔

جواب: اقبال کی زندگی میں ان کے فارسی مجموعے "اسرار خودی" کا انگریزی میں ترجمہ ہوا۔ مترجم کا نام ڈاکٹر نکلسن تھا۔

سوال 2:۔ پی ایچ ڈی کے لیے اقبال نے کس عنوان سے اور کون سی زبان میں مقالہ لکھا؟

جواب: پی ایچ ڈی کے لیے اقبال نے "میٹا فزکس آف پرشیا ان ایران" کے عنوان سے مقالہ انگریزی زبان میں لکھا۔

سوال 3:۔ اقبال نے جن یورپی اداروں میں تعلیم حاصل کی، ان میں سے دو کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔ کیمبرج یونیورسٹی ۲۔ میونخ یونیورسٹی

سوال 4:۔ شیخ عبدالقادر کے مطابق اقبال کی شاعری کا دوسرا دور کس سال سے کس سال تک محیط ہے؟

جواب: شیخ عبدالقادر کے مطابق علامہ اقبال کی شاعری کا پہلا دور 1905ء سے 1908ء تک محیط ہے۔

سوال 5:۔ اقبال نے جن صوفیا کے مزارات کی زیارت کی، ان میں سے دو صوفیا کی نشان دہی کیجیے۔

جواب: ۱۔ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ ۲۔ خواجہ نظام الدین اولیا ۳۔ حضرت امیر خسرو

سوال 6:۔ اقبال کے کوئی سے دو انگریزی خطبات کے عنوانات انگریزی یا اُردو میں درج کریں۔

جواب: ۱۔ علم اور مذہبی مشاہدات ۲۔ مذہبی مشاہدات کا فلسفیانہ معیار ۳۔ اسلامی ثقافت کی روح

۴۔ ذاتِ الٰہیہ کا تصور اور حقیقتِ دُعا ۵۔ الاجتہاد فی الاسلام ۶۔ خودی، جبر وقدر، حیات بعد الموت

۷۔ کیا مذہب کا امکان ہے؟

سوال 7:۔ اقبال کی اولین نثری تصنیف کا نام اور سن اشاعت لکھیں۔

جواب: اقبال کی اولین نثری تصنیف کا نام "علم الاقتصاد" ہے اور اس کا سن اشاعت 1903ء ہے۔

سوال 8:۔ اقبال نے جن یورپی ممالک کی سیاحت کی، ان میں سے دو کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔ انگلستان ۲۔ سپین ۳۔ اٹلی ۴۔ فرانس ۵۔ جرمنی

سوال 9:۔ "فکر اقبال" اور "روح اقبال" کے مصنفین کی نشان دہی کریں۔

جواب: ا۔فکرِ اقبال ....ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم / غلام دستگیر رشید ۲۔روحِ اقبال ....ڈاکٹر یوسف حسین خان

سوال 10:۔اقبال کا کوئی ساظریفانہ شعر تحریر کیجیے۔

جواب: اٹھا کر باہر پھینک دو گلی میں
نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے

2015

سوال 1:۔شیخ عبدالقادر کے مطابق علامہ اقبال کی شاعری کا پہلا دور کس سال سے کس سال تک محیط ہے؟

جواب: شیخ عبدالقادر کے مطابق علامہ اقبال کی شاعری کا پہلا دور 1898ء سے 1905ء تک محیط ہے۔

سوال 2:۔علامہ اقبال کے پی ایچ ڈی کے مقالے کا عنوان کیا تھا اور یہ کس زبان میں تحریر کیا گیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال کے پی۔ایچ۔ڈی کے مقالے کا نام "میٹا فزکس آف پرشیا ان ایران" یعنی ایران میں مابعد الطبیعیات تھا۔یہ مقالہ انگریزی زبان میں لکھا گیا۔

سوال 3:۔علامہ اقبال کی دو شعری تصانیف کے نام اور سن اشاعت لکھیں۔

جواب: i۔اسرارِ خودی ....1915ء ii۔رموزِ بے خودی ....1918ء iii۔پیامِ مشرق 1923ء
iv۔بانگِ درا ....1924ء v۔زبورِ عجم ....1927ء vi۔بالِ جبریل 1935ء

سوال 4:۔علامہ اقبال نے جن یورپی اداروں میں تعلیم حاصل کی ان میں سے دو کے نام لکھیں۔

جواب: i۔کیمبرج یونیورسٹی ii۔میونخ یونیورسٹی

سوال 5:۔فکرِ اقبال کے حوالے سے لکھی گئی دو کتب کے نام لکھیں۔

جواب: i۔فکرِ اقبال کے منور گوشے ....ڈاکٹر سلیم اختر ii۔فکرِ اقبال ....خلیفہ عبدالحکیم
iii۔اقبال سب کے لیے ....ڈاکٹر فرمان فتح پوری

سوال 6:۔علامہ اقبال کی دو طویل نظموں کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ابلیس کی مجلسِ شوریٰ ii۔ساقی نامہ iii۔مسجدِ قرطبہ

سوال 7:۔تصورِ شاہین کے لیے علامہ اقبال کے کوئی سے دو اشعار تحریر کیجیے۔

جواب: i۔ نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر
تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں
ii۔ پرندوں کی دنیا کا درویش ہوں میں
کہ شاہیں بناتا نہیں آشیانہ

سوال 8:۔اقبال نے کن مشرقی صوفیا کو اپنا مرشد مانا ہے؟ دو کے نام لکھیں۔

جواب: i۔مولانا جلال الدین رومی ii۔امیر خسرو

سوال 9:۔اقبال نے مغربی تہذیب کی جو خوبیاں بتائی ہیں ان میں سے دو کے نام تحریر کریں۔

جواب: ا۔سائنسی ترقی ۲۔اندھی تقلید کی مذمت ۳۔جمہوریت ۴۔عدل وانصاف ۵۔تہذیب ومعاشرت

سوال 10:۔شعر مکمل کیجیے۔ ۔ میری نوائے شوق سے شورِ حریمِ ذات میں ....

جواب: میری نوائے شوق سے شورِ حریمِ ذات میں
غلغلہ ہائے الاماں بت کدۂ صفات میں

2016

..........(پہلا سالانہ امتحان) نیو کورس..........

سوال 1:۔ اقبال کے دو مغربی اساتذہ کے نام لکھیے۔

جواب: ا۔پروفیسر آرنلڈ ۲۔ڈاکٹر براؤن ۳۔پروفیسر نکلسن ۴۔شارلی

سوال 2:۔ اقبال کتنی بار بھوپال گئے اور کس مقصد کے لیے گئے؟

جواب: اقبال برقی علاج کی غرض سے ایک مرتبہ بھوپال گئے۔

سوال 3:۔ سفرِ افغانستان میں اقبال کے ساتھ کون دو اشخاص تھے؟

جواب: سفرِ انگلستان میں اقبال کے ساتھ سید سلیمان ندوی اور سر سید کے پوتے سر راس مسعود تھے۔

سوال 4:۔ اقبال کی پہلی نثری تصنیف کب شائع ہوئی اور اس کا نام کیا تھا؟

جواب: اقبال کی پہلی نثری تصنیف کا نام "علم الاقتصاد" تھا۔ یہ کتاب 1903ء میں شائع ہوئی۔

سوال 5:۔ اقبال کے دو خطبات کے نام لکھیے۔

جواب: ا۔علم اور مذہبی مشاہدات ۲۔مذہبی مشاہدات کا فلسفیانہ معیار ۳۔اسلامی ثقافت کی روح

۴۔ذاتِ الٰہیہ کا تصور اور حقیقتِ دُعا ۵۔الاجتہاد فی الاسلام ۶۔خودی، جبر وقدر، حیات بعد الموت

۷۔کیا مذہب کا امکان ہے؟

سوال 6:۔ "فکرِ اقبال" اور "زندہ رود" کے مصنفین کے نام لکھیے۔

جواب: ا۔فکرِ اقبال..................خلیفہ عبدالحکیم ۲۔زندہ رود..................ڈاکٹر جاوید اقبال

سوال 7:۔ مردِ مومن کی دو نمایاں خصوصیات لکھیے۔

جواب: ا۔حق گوئی و بیباکی ۲۔فقر و استغنا ۳۔عشق ۴۔جہد و عمل ۵۔جمال و جلال ۶۔تجدیدِ حیات

سوال 8:۔ نظم "مسجدِ قرطبہ" اقبال کے کس شعری مجموعے میں ہے اور یہ کہاں لکھی گئی؟

جواب: مسجدِ قرطبہ اقبال کے شعری مجموعے 'بالِ جبریل' میں ہے اور یہ سپین (ہسپانیہ) میں لکھی گئی۔

سوال 9:۔ "اقبال شاعر اور فلسفی" اور "تلمیحاتِ اقبال" کے مصنفین کے نام لکھیے۔

جواب: ا۔اقبال شاعر اور فلسفی..................پروفیسر سید وقار عظیم ۲۔تلمیحاتِ اقبال..................ڈاکٹر سید عابد علی عابد/ افضل الٰہی عارف

سوال 10:۔ اقبال کی والدہ کا نام اور پہلی بیوی کا نام لکھیے۔

جواب: اقبال کی والدہ کا نام امام بی بی اور پہلی بیوی کا نام کریم بی بی تھا۔

2016

(دوسرا سالانہ امتحان)

سوال 1:۔ اقبال کب یورپ گئے اور کب واپس آئے؟

جواب: اقبال 1905ء میں یورپ گئے اور 1908ء میں وہاں سے واپس آئے۔

سوال 2:۔ نظم "مسجدِ قرطبہ" اقبال کے کس شعری مجموعے میں ہے اور یہ کہاں لکھی گئی؟

جواب: نظم "مسجدِ قرطبہ" اقبال کے شعری مجموعے "بالِ جبریل" میں ہے۔ یہ نظم ہسپانیہ (سپین) کی سرزمین میں لکھی گئی۔

سوال 3:۔ جاوید اقبال کی والدہ اور بہن کا نام لکھیے۔

جواب: جاوید اقبال کی والدہ کا نام "سردار بیگم" اور بہن کا نام 'منیرہ بیگم' ہے۔

سوال 4:۔ اقبال کے اجتہاد کے بارے میں خطبے کا پورا نام لکھیے۔

جواب: اقبال کے اجتہاد کے بارے میں خطبے کا پورا نام "الاجتہاد فی الاسلام" ہے۔

(The Principle of Movement in the Structure of Islam)

سوال 5:۔ مردِ مومن کی دو نمایاں خصوصیات لکھیے۔

جواب: ا۔حق گوئی و بیباکی ۲۔فقر و استغنا ۳۔عشق ۴۔جہد و عمل ۵۔جمال و جلال ۶۔تجدید حیات

سوال 6:۔"ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

جواب: "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" اقبال کے شعری مجموعے "ارمغانِ حجاز" میں شامل ہے۔

سوال 7:۔ اقبال کی شاعری کی پہلی کتاب کا نام کیا ہے اور یہ کب شائع ہوئی؟

جواب: اقبال کی شاعری کی پہلی کتاب کا نام "اسرارِ خودی" ہے۔یہ کتاب 1915ء میں شائع ہوئی۔

سوال 8:۔ اقبال کے دو یورپی اساتذہ کے نام لکھیے۔

جواب: ا۔پروفیسر آرنلڈ ۲۔ڈاکٹر براؤن ۳۔پروفیسر نکلسن ۴۔شارلی ۵۔پروفیسر میگرٹ

سوال 9:۔ اقبال نے لاہور کے کن دو کالجوں میں پڑھایا؟

جواب: ا۔گورنمنٹ کالج لاہور ۲۔اورینٹل کالج لاہور

سوال 10:۔خطباتِ اقبال کی تعداد کیا ہے اور یہ کب دیے گئے؟

جواب: خطباتِ اقبال کی تعداد سات ہے اور یہ خطبات 1928 اور 1929ء میں دیے گئے۔

2017

(پہلا سالانہ امتحان)

سوال 1:۔ بقول شیخ عبدالقادر، اقبال کی شاعری کا تیسرا دور کس سال سے کس سال تک پھیلا ہوا ہے؟

جواب: بقول شیخ عبدالقادر، اقبال کی شاعری کا تیسرا دور 1908ء سے 1918ء تک پھیلا ہوا ہے۔

سوال 2:۔ اقبال کے فارسی شعری مجموعے "پیامِ مشرق" اور "زبورِ عجم" کس کس سال منصۂ شہود پر آئے؟

جواب: اقبال کا فارسی شعری مجموعہ پیامِ مشرق 1923ء میں جب کہ زبورِ عجم 1927ء میں منصۂ شہود پر آئے۔

سوال 3:۔ کوئی ایسا شعر درج کریں جس سے اقبال کا تصورِ مردِ مومن نمایاں ہو جائے۔

جواب:
کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

سوال 4:۔ خطباتِ اقبال (انگریزی) کے دو اُردو مترجمین کے نام لکھیں۔

جواب: 1۔سید نذیر نیازی .... تشکیلِ جدید الٰہیاتِ اسلامیہ 2۔ڈاکٹر وحید عشرت .... تجدید فکریاتِ اسلام

سوال 5:۔ اقبال کے خطوط کے کسی مجموعے اور اس کے مرتب کا نام لکھیں۔

جواب: ا۔مکاتیبِ اقبال بنام گرامی (محمد عبداللہ قریشی) ۲۔مکاتیبِ اقبال (محمد عبداللہ قریشی)
۳۔اشاریہ مکاتیبِ اقبال (صابر کلوری)

سوال 6:۔ اقبال کے دونوں بیٹوں کے اسمائے گرامی لکھیں۔

جواب: اقبال کے صاحبزادوں کے نام درج ذیل ہیں۔ا۔آفتاب اقبال ۲۔جاوید اقبال

سوال 7:۔علامہ اقبال کے والدین کے نام لکھیں۔

جواب: اقبال کے والد کا نام شیخ نور محمد اور والدہ کا نام امام بی بی تھا۔

سوال 8:۔بالِ جبریل کا پہلا شعر نقل کیجیے۔

جواب: بالِ جبریل کی پہلی غزل کا پہلا شعر (مطلع) درج ذیل ہے۔

میری نوائے شوق سے شور حریمِ ذات میں
غلغلہ ہائے الاماں بت کدۂ صفات میں

سوال 9:۔ اقبال نے یورپ کے جن ممالک کی سیاحت کی، ان میں سے دو کی نشان دہی کیجیے۔

جواب: ا۔ انگلستان ۲۔ سپین ۳۔ اٹلی ۴۔ فرانس ۵۔ جرمنی

سوال 10:۔ اُردو اور انگریزی کے علاوہ اقبال کون کون سی زبانیں جانتے تھے، دو کا نام لکھیے۔

جواب: ا۔ پنجابی ۲۔ فارسی ۳۔ جرمن

2017

(دوسرا سالانہ امتحان)

سوال 1:۔ اقبال کے شعری مجموعے "ضربِ کلیم" اور "ارمغانِ حجاز" کس کس سال منظرِ عام پر آئے؟

جواب: ا۔ ضربِ کلیم .... 1936ء ۲۔ ارمغانِ حجاز 1938ء

سوال 2:۔ کوئی ایسا شعر نقل کیجیے، جس سے اقبال کا تصورِ تقدیر واضح ہو جائے۔

جواب: تقدیر کے پابند جمادات و نباتات
مومن فقط احکامِ الٰہی کا ہے پابند

سوال 3:۔ خطباتِ اقبال (انگریزی) کی اُردو تشریحات پر مشتمل دو کتابوں کے نام بتائیے۔

جواب: 1۔ سید نذیر نیازی .... تشکیلِ جدید الٰہیاتِ اسلامیہ 2۔ ڈاکٹر وحید عشرت .... تجدیدِ فکریاتِ اسلام

سوال 4:۔ اقبال نے اپنی جن کتابوں کا دیباچہ خود لکھا ہے، ان میں سے کوئی سی دو کی نشان دہی کیجیے۔

جواب: ا۔ اسرارِ خودی ۲۔ پیامِ مشرق

سوال 5:۔ اقبال کی دونوں بیٹیوں کے نام لکھیے۔

جواب: ا۔ معراج بیگم (بڑی بیٹی) ۲۔ منیرہ بیگم (چھوٹی بیٹی)

سوال 6:۔ کوئی سے دو معروف اقبال شناسوں کے اسمائے گرامی تحریر کیجیے۔

جواب: ا۔ خلیفہ عبدالحکیم ۲۔ ڈاکٹر جاوید اقبال ۳۔ سید عابد علی عابدؔ

سوال 7:۔ اقبال نے یورپ کی جن شخصیات سے ملاقاتیں کیں، ان میں سے دو کی نشان دہی کیجیے۔

جواب: ا۔ پروفیسر آرنلڈ ۲۔ عطیہ فیضی ۳۔ برگساں

سوال 8:۔ ضربِ کلیم کا پہلا شعر لکھیے۔

جواب: جب تک نہ زندگی کے حقائق پہ ہو نظر
تیرا زُجاج ہو نہ سکے گا حریفِ سنگ

سوال 9:۔ اقبال کی کوئی سی دو نثری کتابوں کے نام لکھیے۔

جواب: ا۔ علم الاقتصاد ۲۔ تشکیلِ جدید الٰہیاتِ اسلامیہ (خطبات)

سوال 10:۔ "سرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف" اس کا پہلا مصرع لکھیے۔

جواب: خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانشِ فرنگ
سرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف

مجوزہ کُتب

نوٹ:۔ اقبال کا خصوصی مطالعہ کے پرچہ میں کُتب کے متعلق سوال انہی کتابوں میں سے پوچھا جاتا ہے۔

1۔ فلسفۂ اقبال (ایم ایم شریف، مرتب)
2۔ اقبال کی طویل نظمیں (ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی)
3۔ اقبال کا فکری ارتقا (جابر علی سید)
4۔ شعر اقبال (عابد علی عابد)
5۔ فکرِ اقبال (خلیفہ عبدالحکیم)
6۔ اقبال کامل (ڈاکٹر عبدالسلام ندوی)
7۔ اقبال: ایک نئی تشکیل (عزیز احمد)
8۔ اقبال سب کے لیے (ڈاکٹر فرمان فتح پوری)
9۔ روحِ اقبال (ڈاکٹر یوسف حسین خان)

پرچہ۔ ۷

اسالیبِ نثرِ اُردو

......ضمنی فہرست......

________________ ترتیب و تدوین ________________

حافظ محمد عمران رضا، ایم۔ اے اُردو، ایم۔ فل (اسکالر)

0346 - 07 774 07 / 0306 - 79 570 79 / 0313 - 896 56 56

اُسلوب اور اُس کے فنی مباحث

سوال:۔نثر کی تعریف اور مفہوم لکھیں۔

جواب: نثر کی تعریف اس طرح سے کی جاتی ہے کہ'' کلام غیر موزوں نثر ہے۔'' جب کہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ براہِ راست یا سیدھی گفتار جو نظم کے مخالف ہو اُسے نثر کہتے ہیں۔

سوال:۔نثر کی اقسام تحریر کریں۔

جواب: نثر کی اقسام درج ذیل ہیں۔

۱۔نثر مرجز:۔ نثر مرجز ایسی نثر کو کہتے ہیں جس میں وزن ہو مگر قافیہ نہ ہو۔

۲۔نثر مقفیٰ:۔ نثر مقفیٰ وہ ہے جو نثر مرجز کے برعکس ہو، یعنی قافیہ رکھتی ہو لیکن وزن نہ ہو۔

۳۔نثر مسجع:۔ مسجع وہ نثر ہے جس کے دو جملوں کے آخری الفاظ ہم وزن ہوں اور تعداد میں برابر ہوں۔

۴۔نثر عاری:۔ ایسی نثر جو سیدھی سادی، عام فہم اور فطری ہو اُسے نثر عاری کہتے ہیں۔

سوال:۔اسلوب کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟

جواب: اسلوب عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی طریقہ اور طرز کے ہیں۔

سوال:۔انگریزی میں اسلوب کے لیے کون سا لفظ مروج ہے اور اسے کن معنوں میں برتا جاتا ہے؟

جواب: انگریزی میں اسلوب کے لیے Style کا لفظ مروج ہے اور اسے طرز، اسلوبِ بیان، شکل، نمونہ اور انداز و وضع کے معنوں میں برتا جاتا ہے۔

سوال:۔اسلوب کن اجزاء پر محیط ہے؟ بیان کریں۔

جواب: اسلوب دو اجزا پر محیط ہے۔ ۱۔فکر یا معنی ۲۔صورت یا شکل

سوال:۔اسلوب کی کتنی اقسام ہیں۔نام لکھیں۔

جواب: اسلوب کی چودہ اقسام ہیں جن کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔تنقیدی اسلوب ۲۔مقفیٰ اسلوب ۳۔رنگین مرصع اسلوب ۴۔بنیادی اسلوب ۵۔سپاٹ اور سادہ اسلوب
۶۔بیانیہ اسلوب ۷۔توضیحی اسلوب ۸۔انانیتی اسلوب ۹۔شگفتہ یا تاثراتی اسلوب
۱۰۔ظرافت یا طنزیہ آمیز اسلوب ۱۱۔خطیبانہ اسلوب ۱۲۔ہیجانی، ماورائی یا منتشر خیالی کا شکستہ اسلوب
۱۳۔اسلوب جلیل ۱۴۔امتزاجی اسلوب

مرزا اسداللہ خان غالبؔ

سوال۔مرزا اسداللہ خان غالب کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مرزا اسداللہ خان غالبؔ 27 دسمبر 1797ء کو بدھ کے دن اکبر آباد (آگرہ) میں پیدا ہوئے۔

سوال:۔غالبؔ نے خطوط نویسی کب شروع کی؟

جواب: غالبؔ نے 1848ء میں خطوط نویسی شروع کی۔

سوال:۔غالبؔ نے اپنا پہلا خط کس کو لکھا؟

جواب: کالی داس گپتا کے مطابق غالب نے اپنا پہلا خط 9 مارچ 1848ء کو نبی بخش حقیر کے نام لکھا۔(جدید تحقیق کے مطابق غالبؔ کا پہلا مکتوب تفتہ کے نام ہے مگر اس پر تاریخ درج نہیں ہے۔اندازاً یہ خط 1847ء کا تحریر کردہ ہے۔)

سوال:۔مرزا غالبؔ کے خطوط کی نثر کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

جواب: ۱۔معاشرتی جھلکیاں ۲۔تاریخی حقائق ۳۔خبریں سنانا ۴۔مکالماتی انداز ۵۔منظر نگاری
۶۔مجلسی زندگی کی بازیافت ۷۔القاب وآداب کی نئی طرز ۸۔سادگی وجامعیت ۹۔جدت وندرت ۱۰۔نکتہ آفرینی
۱۱۔شخصی اسلوب (یعنی اس میں غالب کی اپنی شخصیت جھلکتی ہے۔)

سوال:۔غالب کو "حیوانِ ظریف" کا لقب کس نے دیا؟

جواب: غالب کو "حیوانِ ظریف" کا لقب مولانا الطاف حسین حالی نے دیا۔

سوال۔مرزا غالب کو مغلیہ سلطنت کے آخری بادشاہ بہادر شاہ ظفر نے کن خطابات سے نوازا تھا۔

جواب: نجم الدولہ، دبیر الملک، نظام جنگ

سوال۔غالب کا عرفی نام (عرف) لکھیں۔

جواب: غالب کا عرفی نام مرزا نوشہ ہے۔

سوال۔مرزا غالب کے والد کا نام کیا تھا۔انہوں نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: مرزا غالب کے والد کا نام عبداللہ بیگ خاں تھا۔وہ 1802ء میں راج گڑھ کے مقام پر گولی کھا کر شہید ہوئے۔

سوال۔مرزا غالب کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: حضرت شیخ نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ کے قریب نواب الٰہی بخش معروف کے مزار کے پاس دفن کیا گیا۔

سوال۔مرزا غالب کے مشہور شاگردوں کے نام لکھیں۔

جواب: i۔مولانا الطاف حسین حالی ii۔میر مہدی حسن مجروح

سوال۔غالب نے اپنا آخری خط کس کو لکھا؟

جواب: مرزا غالب نے اپنا آخری خط نواب علاءالدین احمد کو لکھا۔

سوال۔غالب کی فارسی تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: کلیاتِ نظم فارسی (یہ کتاب پنج آہنگ، مہر نیمروز اور دستنبو پر مشتمل ہے)۔

سوال۔غالب کی اُردو تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: i۔دیوانِ اُردو ii۔اُردوئے معلیٰ iii۔عودِ ہندی

سوال:۔مرزا غالب کی شادی خطوطِ غالب کے حوالے سے کب ہوئی؟

جواب: تیرہ سال کی عمر میں نواب الٰہی بخش کی بیٹی امراؤ بیگم سے ہوئی۔

سوال:۔غالب کے ہاں کتنی اولادیں ہوئیں؟

جواب: غالب کے سات بچے ہوئے لیکن کوئی بھی چند ماہ سے زیادہ عمر نہ پا سکا۔

سوال:۔مرزا غالب کے خطوط میں کہاں کہاں کے سفروں کا تذکرہ ہے؟

جواب: مرزا غالب کے خطوط میں کلکتہ، رام پور اور میرٹھ کے سفروں کا تذکرہ ہے۔

سوال:۔خطوطِ غالب کے مطابق مرزا کی ماہوار آمدنی کیا تھی؟

جواب: مرزا غالب کی ماہوار آمدنی اُن کے خطوط کے مطابق ایک سو باسٹھ روپے آٹھ آنے تھی۔

سوال:۔غالب کے اُردو خطوط کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

جواب: غالب کے اُردو خطوط کے مجموعے کا نام "اُردوئے معلیٰ" ہے۔

سوال:۔"اُردوئے معلیٰ" کے مکتوب الیہ کون ہیں؟

جواب: "اُردوئے معلیٰ" کے مکتوب الیہ مرزا غالب کے شاگرد اور دوست ہیں۔

سوال:۔ مالک رام کی کتاب "ذکرِ غالبؔ" کا ماخذ کیا ہے؟

جواب: مالک رام کی کتاب "ذکرِ غالبؔ" کا ماخذ غالبؔ کے خطوط ہیں۔

سوال:۔ "نادراتِ غالبؔ" کیا ہے؟

جواب: "نادراتِ غالبؔ" مرزا غالبؔ کے ابتدائی خطوط کا مجموعہ ہے۔

سوال:۔ بقول غالبؔ "محمد شاہی روش" کیا ہے؟

جواب: غالبؔ نے مقفّٰی و مسجّع اور تصنع و تکلف سے بھرپور عبارت کو محمد شاہی روش کا نام دیا۔

سوال:۔ مرزا غالبؔ اپنے خطوط میں کس قسم کے القاب استعمال کرتے تھے؟

جواب: مرزا غالبؔ اپنے خطوط میں "میاں، برخوردار، بندہ پرور، پیرومرشد اور بھائی صاحب" جیسے القاب استعمال کرتے تھے۔

سوال:۔ "اُردوئے معلّٰی" حصہ اول اور حصہ دوم میں کتنے خطوط ہیں؟

جواب: "اُردوئے معلّٰی" حصہ اول میں چار سو ستر (470) جب کہ حصہ دوم میں کل ترپن (53) خطوط شامل ہیں۔

سوال:۔ "اُردوئے معلّٰی" حصہ اول کب شائع ہوئی؟

جواب: "اُردوئے معلّٰی" حصہ اول 6 مارچ 1879ء میں شائع ہوئی۔

سوال:۔ "اُردوئے معلّٰی" حصہ دوم کب شائع ہوئی؟

جواب: "اُردوئے معلّٰی" حصہ دوم 1899" میں شائع ہوئی۔

سوال:۔ مرزا غالبؔ کے خطوط کے مشہور مجموعوں کے نام لکھیں۔

جواب: مرزا غالبؔ کے خطوط کے مشہور مجموعوں کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔عودِ ہندی ۲۔اُردوئے معلّٰی ۳۔نادر خطوطِ غالبؔ ۴۔مکاتیبِ غالبؔ ۵۔نادراتِ غالبؔ

سوال:۔ "مکاتیبِ غالبؔ" کب اور کہاں سے شائع ہوئی؟ اس کے مرتب کا نام لکھیں۔

جواب: "مکاتیبِ غالبؔ" 1937ء میں رام پور سے شائع ہوئی۔ اس کے مرتب کا نام امتیاز علی عرشی ہے۔

سوال:۔ "عودِ ہندی" کی خاص خوبی تحریر کریں۔

جواب: "عودِ ہندی" غالبؔ کے خطوط کا مجموعہ ہے جو اُن کی وفات سے چار ماہ قبل میرٹھ سے شائع ہوا۔ اس میں اصلاحی، تنقیدی اور علمی مضامین کے حامل خطوط شامل ہیں۔

سوال:۔ "خطوط میں شخصیت" کس ادیب کی تصنیف ہے؟

جواب: "خطوط میں شخصیت" آلِ احمد سرور کی تصنیف ہے۔

سوال:۔ غالبؔ کا وہ خط کس کے نام ہے، جس میں اُن کی تاریخ پیدائش اور شادی کی تاریخ کا ذکر ہے؟

جواب: غالبؔ کا وہ خط جس میں اُن کی تاریخ پیدائش اور شادی کی تاریخ کا پتہ چلتا ہے "علاؤالدین احمد خاں" کے نام ہے۔

سوال۔ مرزا غالبؔ نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: غالبؔ نے 15 فروری 1869ء بروز سوموار دہلی میں وفات پائی۔

سرسید احمد خان

سوال۔ سرسید احمد خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: سرسید احمد خان 17 اکتوبر 1817ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ اُن کے والد کا نام میر تقی تھا۔

سوال۔ سرسید احمد خان نے سائنٹیفک سوسائٹی کی بنیاد کب رکھی؟

جواب: 1863ء میں سرسید احمد خان نے سائنٹیفک سوسائٹی کی بنیاد رکھی۔

سوال۔ سرسید احمد خان نے کون سا ماہنامہ رسالہ جاری کیا؟ یہ رسالہ کب جاری کیا گیا؟

جواب: سرسید احمد خان نے 1870ء میں ماہنامہ رسالہ "تہذیب الاخلاق" جاری کیا۔

سوال۔ اُردو کے عناصرِ خمسہ کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ سرسید احمد خان ii۔ مولانا محمد حسین آزاد iii۔ مولوی نذیر احمد iv۔ مولانا الطاف حسین حالی v۔ شبلی نعمانی

سوال۔ سرسید احمد خان کو "سر" کا خطاب کب دیا گیا؟

جواب: سرسید احمد خان کو "سر" کا خطاب 1888ء میں دیا گیا۔

سوال۔ سرسید نے ملازمت کا آغاز کب اور کہاں سے کیا؟

جواب: سرسید نے ملازمت کا آغاز 1839ء میں بطور سررشتہ دار ایسٹ انڈیا کمپنی سے کیا۔

سوال۔ سرسید احمد خان کی تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: 1۔ آثار الصنادید 2۔ جامِ جم 3۔ کلمۃ الحق 4۔ سلسلہ احکام وطعام

5۔ تحفہ حسن 6۔ سیرتِ محمدیہ 7۔ رسالہ اسبابِ بغاوتِ ہند 8۔ سیرتِ فرید

9۔ تاریخ سرکشی بجنور

سوال: ۔ سرسید نے تہذیب الاخلاق کن مغربی رسائل سے متاثر ہو کر جاری کیا؟

جواب: سرسید احمد خان نے تہذیب الاخلاق دو مغربی رسائل "سپیکٹیٹر" اور "ٹیٹلر" سے متاثر ہو کر جاری کیا۔

سوال۔ سرسید نے علی گڑھ میں ایم۔ اے۔ او ہائی سکول کب قائم اور اس کا افتتاح کس نے کیا؟

جواب: سرسید احمد خان نے علی گڑھ میں 1875ء میں ایم۔ اے۔ او ہائی سکول قائم کیا اور اس کا افتتاح سر ولیم میور نے 24 مئی 1875ء کو کیا۔

سوال۔ علی گڑھ کالج کا افتتاح کب اور کس نے کیا؟

جواب: علی گڑھ کالج کا افتتاح 8 جنوری 1877ء میں لارڈ لٹن نے کیا۔

سوال۔ سرسید احمد خان نے مراد آباد اور غازی پور میں مدارس کا اجراء کب کیا؟

جواب: سرسید احمد خان نے 1859ء میں مراد آباد میں فارسی کا ایک مدرسہ قائم کیا اور 1864ء میں غازی پور میں ایک انگریزی مدرسہ جاری کیا۔

سوال۔ سرسید احمد خان نے غازی پور میں سائنٹیفک سوسائٹی کا اجراء کب کیا؟

جواب: سرسید احمد خان نے غازی پور میں سائنٹیفک سوسائٹی کا اجراء 1864ء میں کیا۔

سوال۔ تحریک علی گڑھ کا دوسرا نام کیا ہے اور یہ کب شروع ہوئی؟

جواب: تحریک علی گڑھ کا دوسرا نام "تحریک سرسید احمد خان" ہے اور یہ تحریک 1870ء میں شروع ہوئی۔

سوال۔ سرسید انگلینڈ کب روانہ ہوئے؟ نیز یہ بھی بتائیں کہ اُن کی انگلینڈ سے واپسی کب ہوئی؟

جواب: سرسید احمد خان اپنے دونوں بیٹوں کے ساتھ یکم اپریل 1869ء کو انگلینڈ روانہ ہوئے اور ڈیڑھ سال بعد اکتوبر 1870ء میں واپس آئے۔

سوال۔ سرسید نے 1870ء میں کون سی کمیٹی تشکیل دی تھی اور اس کا مقصد کیا تھا؟

جواب: سرسید نے 1870ء میں "خواستگارِ ترقی تعلیم مسلمانانِ ہند" نام کی ایک کمیٹی تشکیل دی تھی جس کا مقصد مسلمانوں کی تعلیمی پسماندگی کے اسباب دریافت کرنے اور ان کو دور کرنے کے طریقوں پر غور کرنا تھا۔

سوال۔ سرسید نے آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کی بنیاد کب رکھی؟

جواب: سرسید نے آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کی بنیاد 1886ء میں رکھی۔

سوال۔ سرسید کے چند نامور رفقاء کے نام لکھیں۔

جواب: i۔محسن الملک ii۔چراغ علی iii۔محمد حسین آزاد iv۔مولانا الطاف حسین حالی v۔ڈپٹی نذیر احمد
vi۔منشی ذکا اللہ vii۔شبلی نعمانی viii۔خواجہ حسن نظامی ix۔ڈاکٹر مولوی سید علی بلگرامی x۔شاد عظیم آبادی

سوال:۔سر سید کی تصنیف "آثار الصنادید" کے موضوع کی نشاندہی کیجیے۔

جواب: "آثار الصنادید" سر سید احمد خان کی تصنیف ہے۔اس کا موضوع دہلی کی قدیم تاریخی عمارات اور آثار قدیمہ کے علاوہ اُس دور کے عالمین، فقرا، علما اور شعرا ہیں۔

سوال:۔سر سید کے مضامین میں کس طرح کے موضوعات شامل ہیں۔

جواب: ۱۔اصلاحِ معاشرت ۲۔اصلاحِ مذہب ۳۔سیاسی مضامین

سوال۔سر سید کے اسلوب کی نمایاں خوبیاں تحریر کریں۔

جواب: ۱۔سادگی ۲۔بے تکلفی ۳۔خطیبانہ انداز ۴۔تمثیلی اندازِ بیان ۵۔انگریزی الفاظ کا استعمال

سوال۔سر سید نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: سر سید نے 27 مارچ 1898ء کو 81 برس کی عمر میں علی گڑھ میں وفات پائی۔

مولانا محمد حسین آزاد

سوال:۔مولانا محمد حسین آزاد کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مولانا محمد حسین آزاد 1832ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔

سوال:۔مولانا محمد حسین آزاد کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: مولانا محمد حسین آزاد کے والد کا نام مولوی محمد باقر تھا۔(آزاد مولوی محمد باقر کے اکلوتے بیٹے تھے۔)

سوال:۔مولانا آزاد کی چند تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔آبِ حیات ۲۔سخن دانِ فارس ۳۔دربارِ اکبری ۴۔جانورستان ۵۔نیرنگِ خیال

سوال:۔آزاد کی نثر کی ایک خوبی تمثیل نگاری ہے۔تمثیل سے کیا مراد ہے؟

جواب: بے جان اور مجرد اشیا کو مجسم بنا کر پیش کرنا تمثیل کہلاتا ہے۔

سوال:۔مولانا آزاد کی شامل نصاب تصنیف "نیرنگِ خیال" میں شامل مضامین کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ ۲۔سیرِ زندگی ۳۔انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا ۴۔علوم کی بدنصیبی
۵۔شہرتِ عام اور بقائے دوام کا دربار ۶۔جنت الحمقا ۷۔خوش طبعی ۸۔نکتہ چینی ۹۔سیرِ عدم

سوال:۔مولانا محمد حسین آزاد کے والد نے اُردو کا پہلا اخبار کب اور کہاں سے شائع کیا؟

جواب: مولانا آزاد کے والد نے 1836ء میں اُردو کا پہلا اخبار دہلی سے جاری کیا۔(یہ اخبار 13 ستمبر 1857ء تک جاری رہا۔)

سوال۔مولانا آزاد کے اسلوب کی نمایاں خوبیاں/خصوصیات تحریر کریں۔

جواب: ۱۔مرقع نگاری ۲۔تخیل ۳۔تمثیلات کا استعمال ۴۔رومانی طرز ۵۔پرشکوہ الفاظ

سوال:۔مولانا آزاد نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: مولانا محمد حسین آزاد نے 22 جنوری 1910ء کو (عاشورہ کی شب) لاہور میں وفات پائی۔

پطرس بخاری

سوال:۔پطرس بخاری کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: پطرس بخاری کا اصل نام سید احمد شاہ تھا۔

سوال:۔پطرس بخاری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: پطرس بخاری یکم اکتوبر 1898ء کو پشاور میں پیدا ہوئے۔

سوال:۔پطرس بخاری کی مشہور زمانہ تصنیف کون سی ہے؟

جواب: پطرس بخاری کی مشہور زمانہ تصنیف کا نام "پطرس کے مضامین" ہے۔

سوال:۔"پطرس کے مضامین" میں کل کتنے مضامین شامل ہیں؟نام لکھیں۔

جواب: "پطرس کے مضامین" میں کل گیارہ (۱۱) مضامین ہیں۔جن کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔ہاسٹل میں پڑھنا	۲۔سویرے جو کل آنکھ میری کھلی	۳۔کتے	۴۔اُردو کی آخری کتاب
۵۔میں ایک میاں ہوں	۶۔مرید پور کا پیر	۷۔انجام بخیر	۸۔سینما کا عشق
۹۔میبل اور میں	۱۰۔مرحوم کی یاد میں	۱۱۔لاہور کا جغرافیہ	

سوال:۔پطرس بخاری کے والد کا نام کیا تھا؟پیشے کے اعتبار سے وہ کیا کرتے تھے؟

جواب: پطرس بخاری کے والد کا نام سید اسداللہ شاہ بخاری تھا۔پیشے کے اعتبار سے وہ ایک وکیل کے منشی تھے۔

سوال:۔پطرس بخاری نے اپنی ملازمت کا آغاز کب اور کہاں سے کیا؟

جواب: پطرس بخاری نے اپنی ملازمت کا آغاز 1922ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے بحیثیت لیکچرار کیا۔(آپ 1935ء تک اس کالج سے منسلک رہے۔)

سوال:۔پطرس نے گورنمنٹ کالج لاہور میں پرنسپل کا عہدہ کب سنبھالا؟

جواب: پطرس بخاری نے گورنمنٹ کالج لاہور میں پرنسپل کا عہدہ یکم مارچ 1947ء کو سنبھالا اور 1950ء تک اپنی خدمات سرانجام دیں۔

سوال:۔پطرس بخاری کے مشہور شاگردوں کے نام لکھیں۔

جواب: پطرس بخاری کے مشہور شاگردوں میں فیض احمد فیض، ن۔م۔راشد، حنیف رامے اور حفیظ ہوشیارپوری قابلِ ذکر ہیں۔

سوال:۔پطرس بخاری کے اسلوب کی خوبیاں بیان کریں۔

جواب: ۱۔سادگی ۲۔شگفتگی ۳۔آمد ۴۔روانی ۵۔دل چسپ بیان

سوال:۔مزاح کی نمود کے لیے کن عناصر سے کام لیا جاتا ہے؟

جواب: مزاح کی نمود کے لیے درج ذیل پانچ عناصر سے کام لیا جاتا ہے۔

۱۔موازنہ ۲۔زبان و بیان کی کاری گری ۳۔مزاحیہ صورتِ واقعہ ۴۔مزاحیہ کردار ۵۔تحریف نگاری

سوال:۔پطرس بخاری نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: پطرس بخاری نے 5 دسمبر 1958ء کو نیویارک، امریکہ میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔

اختر حسین رائے پوری

سوال:۔اختر حسین رائے پوری کا اصل نام تحریر کریں۔

جواب: اختر حسین رائے پوری کا اصل نام سید اختر حسین تھا۔

سوال:۔اختر حسین رائے پوری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: اختر حسین رائے پوری 12 جون 1912ء کو رائے پور میں پیدا ہوئے۔

سوال:۔اختر حسین رائے پوری ادب میں کس حیثیت سے جانے جاتے ہیں؟

جواب: اختر حسین رائے پوری ادبی دُنیا میں بطور افسانہ نگار، ماہر لسانیات، مترجم اور نقاد کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔

سوال:۔اختر حسین رائے پوری کا تعلق کس تحریک سے تھا؟

جواب: اختر حسین رائے پوری کا تعلق ترقی پسند تحریک سے تھا۔

سوال:۔اختر حسین رائے پوری کی تحریر کی چند نمایاں خصوصیات تحریر کریں۔

جواب: ا۔زبان پر قدرت ۲۔تجزیاتی طرزِ عمل ۳۔وسیع مطالعہ ۴۔بہترین الفاظ کا چناؤ

سوال:۔اختر حسین رائے پوری نمایاں تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔گرد راہ (آپ بیتی) ۲۔محبت اور نفرت ۳۔زندگی کا میلہ ۴۔ادب اور زندگی
۵۔آگ اور آنسو ۶۔پیاری زمین ۷۔روشن مینار ۸۔ادب اور انقلاب

سوال:۔اختر حسین رائے پوری کن زبانوں میں مہارت رکھتے تھے؟

جواب: اختر حسین رائے پوری اُردو، انگریزی، ہندی، سنسکرت، بنگالی اور فرانسیسی زبانوں میں مہارت رکھتے تھے۔

سوال:۔آپ بیتی کی تعریف کریں۔

جواب: اپنی زندگی کے احوال، واقعات کا بیان آپ بیتی کہلاتا ہے۔اسے ''خودنوشت'' بھی کہتے ہیں۔انگریزی میں اسے "Autobiography" کہتے ہیں۔

سوال:۔اختر حسین رائے پوری نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: اختر حسین رائے پوری نے 6جون 1992ء کو کراچی میں وفات پائی۔

بیگم اختر ریاض الدین

سوال:۔بیگم اختر ریاض الدین کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

جواب: بیگم اختر ریاض الدین 15اکتوبر 1928ء کو کلکتہ میں پیدا ہوئیں۔

سوال:۔بیگم اختر ریاض الدین کس کی شریکِ حیات تھیں۔

جواب: بیگم اختر ریاض الدین سی ایس پی افسر ریاض الدین کی بیوی تھیں۔

سوال:۔بیگم اختر ریاض الدین کے لکھے ہوئے سفرناموں کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔سات سمندر پار (1963) ۲۔دھنک پر قدم (1969)

سوال:۔بیگم اختر ریاض الدین کو اپنے کس سفرنامے پر آدم جی ادبی انعام دیا گیا؟

جواب: بیگم اختر ریاض الدین کو اپنے دوسرے سفرنامے ''دھنک پر قدم'' پر آدم جی ادبی انعام دیا گیا۔

سوال:۔سفرنامے ''دھنک پر قدم'' میں جن شہروں کا ذکر کیا گیا ہے۔اُن کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔ہوائی ۲۔لندن ۳۔میکسیکو ۴۔سان فرانسسکو ۵۔نیویارک ۶۔ہانگ کانگ

سوال۔سفرنامہ ''دھنک پر قدم'' کب لکھا گیا؟

جواب: سفرنامہ ''دھنک پر قدم'' 1969ء میں لکھا گیا۔

سوال:۔بیگم اختر ریاض الدین نے ''دھنک پر قدم'' کا دیباچہ کس عنوان سے لکھا ہے؟

جواب: بیگم اختر ریاض الدین نے اپنے سفرنامے ''دھنک پر قدم'' کا دیباچہ ''اعتذار'' کے عنوان سے خود لکھا ہے۔

سوال:۔بیگم اختر ریاض الدین کے اسلوب کی چند نمایاں خصوصیات تحریر کریں۔

جواب: ا۔تجسس ۲۔شوخی اور مزاح ۳۔شگفتگی اور روانی ۴۔غیر جانب داری ۵۔جمالیاتی شعور

شاہد احمد دہلوی

سوال: ۔شاہد احمد دہلوی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: شاہد احمد دہلوی 22 مئی 1906ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔

سوال: ۔شاہد احمد دہلوی کا تعلق کس ادبی تحریک سے تھا؟

جواب: شاہد احمد دہلوی کا تعلق ترقی پسند تحریک سے تھا۔

سوال: ۔شاہد احمد دہلوی کی کوئی سی دو تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔گنجینۂ گوہر ۲۔بزمِ خوش نفساں ۳۔طاقِ نسیاں ۴۔بزمِ شاہد

سوال: ۔خاکہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟ نیز خاکہ کھینچنا سے کیا مراد ہے؟

جواب: خاکہ کے لغوی معنی "ابتدائی نقشہ، ڈھانچہ اور چربہ" کے ہیں۔خاکہ کھینچنا سے مراد "کسی کی تصویر لفظوں میں ادا کر دینا" ہے۔

سوال: ۔خاکہ کی تعریف لکھیں۔

جواب: ادبی اصطلاح میں خاکہ وہ تحریر یا مضمون ہے جو کسی شخصیت کا بھرپور تاثر پیش کرے۔

سوال: ۔شاہد احمد دہلوی کے والد کا نام لکھیں۔

جواب: شاہد احمد دہلوی کے والد کا نام مولوی بشیر الدین احمد تھا۔(ڈپٹی نذیر احمد، شاہد احمد دہلوی کے دادا تھے۔)

سوال: ۔شاہد احمد دہلوی نے اپنا مشہور جریدہ "ساقی" کب اور کہاں سے جاری کیا؟

جواب: شاہد احمد دہلوی نے اپنا مشہور جریدہ 'ساقی' جنوری 1930ء میں دہلی سے جاری کیا۔

سوال: ۔گنجینۂ گوہر میں کل کتنے لوگوں کے خاکے لکھے گئے ہیں۔نام لکھیں۔

جواب: گنجینۂ گوہر میں کل سترہ (17) لوگوں کے خاکے ہیں۔جن کے نام درج ذیل ہیں۔

ا۔مولوی نذیر احمد دہلوی ۲۔میر ناصر علی ۳۔اُستاد بیخود دہلوی ۴۔خواجہ حسن نظامی ۵۔بشیر الدین احمد دہلوی
۶۔مولانا عنایت اللہ ۷۔مرزا عظیم بیگ چغتائی ۸۔میراجی ۹۔منٹو ۱۰۔جگر مراد آبادی
۱۱۔حکیم کیف دہلوی ۱۲۔پروفیسر مرزا محمد سعید ۱۳۔استاد بندو خان ۱۴۔ایم اسلم ۱۵۔جوش ملیح آبادی
۱۶۔جمیل جالبی ۱۷۔شاہد احمد دہلوی

سوال: ۔صنف کے اعتبار سے "گنجینۂ گوہر" کیا ہے؟

جواب: صنف کے اعتبار سے گنجینۂ گوہر "خاکوں کا مجموعہ" ہے۔

سوال: ۔شاہد احمد دہلوی نے "گنجینۂ گوہر" کس ادبی شخصیت کی تحریک پر لکھی تھی؟

جواب: شاہد احمد دہلوی نے "گنجینۂ گوہر" ڈاکٹر جمیل جالبی کی تحریک پر لکھی تھی۔

سوال: ۔"گنجینۂ گوہر" کا تعلق ادب کی کس صنف سے ہے؟

جواب: "گنجینۂ گوہر" کا تعلق خاکہ نگاری سے ہے۔

سوال: ۔"گنجینۂ گوہر" کا مقدمہ کب اور کس نے لکھا؟

جواب: "گنجینۂ گوہر" کا مقدمہ 5 جولائی 1962ء کو ڈاکٹر جمیل جالبی نے لکھا۔

سوال: ۔"گنجینۂ گوہر" میں شامل خاکے کس رسالے میں شائع ہوتے رہے؟

جواب: "گنجینۂ گوہر" میں شامل بیشتر خاکے 'نیا دور' نامی رسالے میں شائع ہوئے۔

سوال: ۔شاہد احمد دہلوی نے گنجینۂ گوہر کب لکھنا شروع کی، نیز یہ کتاب کب مکمل ہوئی؟

جواب: شاہد احمد دہلوی نے گنجینۂ گوہر 1950ء میں لکھنا شروع کی۔ یہ کتاب 1962ء میں مکمل ہوئی۔

سوال:۔ شاہد احمد دہلوی کے اُسلوب کی چند خصوصیات تحریر کریں۔

جواب: ا۔سنجیدگی ۲۔حقیقت نگاری ۳۔اختصار اور جامعیت ۴۔بے تکلفی اور بے ساختگی ۵۔تہذیبی شعور

سوال:۔ شاہد احمد دہلوی نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: شاہد احمد دہلوی نے 27 مئی 1966ء کو کراچی میں وفات پائی۔ (شاہد احمد دہلوی کراچی کے گلشن اقبال قبرستان میں دفن ہیں۔)

مشتاق احمد یوسفی

سوال:۔ مشتاق احمد یوسفی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مشتاق احمد یوسفی 4 ستمبر 1923ء کو راجستھان کی ریاست ٹونک میں پیدا ہوئے۔

سوال:۔ یوسفی صاحب پیشے کے اعتبار سے کیا ہیں؟

جواب: یوسفی صاحب پیشے کے اعتبار سے بینکار رہے ہیں۔

سوال:۔ مشتاق احمد یوسفی کی پہلی تصنیف کا نام اور سنِ اشاعت لکھیں۔

جواب: مشتاق احمد یوسفی کی پہلی تصنیف کا نام "چراغ تلے" ہے۔ کتاب کا سنِ اشاعت 1961ء ہے۔

سوال:۔ مشتاق احمد یوسفی کی تصانیف کے نام زمانی لحاظ سے لکھیں۔

جواب: ا۔چراغ تلے (1961) ۲۔خاکم بدہن (1969) ۳۔زرگزشت (1976)
۴۔آبِ گم (1990) ۵۔شامِ شعرِ یاراں (2014)

سوال:۔ پطرس بخاری کے اُسلوب کی ایک خوبی تحریف نگاری ہے۔ تحریف نگاری سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی مصنف کی عبارت، انداز بیان یا سنجیدہ کلام کی مضحک نقالی کو تحریف نگاری یا پیروڈی کہتے ہیں۔ (پیروڈی یونانی زبان کے لفظ "پیروڈیا" سے نکلا ہے جس کا مطلب جوابی نغمہ ہے۔)

سوال:۔ "آبِ گم" کا دیباچہ مشتاق احمد یوسفی نے کس نام سے لکھا ہے؟

جواب: "آبِ گم" کے مصنف کا دیباچہ مشتاق احمد یوسفی نے "غنودیم غنودیم" کے عنوان سے لکھا۔

سوال:۔ "آبِ گم" میں شامل مضامین کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔غنودیم غنودیم (پس و پیش لفظ) ۲۔حویلی ۳۔اسکول ماسٹر کا خواب
۴۔کار کابلی والا اور الہ دین بے چراغ ۵۔شہر دو قصہ ۶۔دھیرج گنج کا پہلا یادگار مشاعرہ

سوال:۔ "چراغ تلے" کا دیباچہ یوسفی صاحب نے کس نام سے لکھا ہے؟

جواب: "چراغ تلے" کا دیباچہ یوسفی صاحب نے "پہلا پتھر" کے نام سے لکھا ہے۔

سوال:۔ مشتاق احمد یوسفی کے اُسلوب کی خوبیاں تحریر کریں۔

جواب: ا۔خالص مزاح ۲۔مشاہدہ کی گہرائی ۳۔تحریف نگاری ۴۔جزئیات نگاری

سوال:۔ "چراغ تلے" میں شامل مضامین کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔پہلا پتھر ۲۔پڑیے گر بیمار ۳۔کافی ۴۔یادش بخیر ۵۔موذی
۶۔سنہ ۷۔جنونِ لطیفہ ۸۔چارپائی اور کلچر ۹۔اور آنا گھر میں مرغیوں کا
۱۰۔کرکٹ ۱۱۔صنفِ لاغر ۱۲۔موسموں کا شہر ۱۳۔کاغذی ہے پیرہن

سوال:۔ مشتاق احمد یوسفی کی کتاب "چراغ تلے" کا انتساب کس کے نام ہے؟

جواب: مشتاق احمد یوسفی کی کتاب ''چراغ تلے'' کا انتساب ''والدِ مرحوم کے نام'' ہے۔

سوال: ۔مشتاق احمد یوسفی نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: مشتاق احمد یوسفی نے 20 جون 2018ء بروز بدھ کو کراچی میں وفات پائی۔

غلام جیلانی اصغر

سوال: ۔غلام جیلانی اصغر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: غلام جیلانی اصغر یکم جون 1918ء کو تلہ گنگ میں پیدا ہوئے۔

سوال: ۔غلام جیلانی اصغر کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: غلام جیلانی اصغر کے والد کا نام شیخ محمد الدین تھا۔

سوال: ۔غلام جیلانی اصغر کی لکھی ہوئی دو کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔رزم ودمِ گفتگو (انشائیے)　　۲۔اک ذرا شام سے پہلے (شاعری)　　۳۔میں اور میں (شاعری)

سوال: ۔غلام جیلانی اصغر کے شاملِ نصاب انشائیوں کے مجموعے کا نام لکھیں۔یہ مجموعہ کتنے انشائیوں پر مشتمل ہے؟

جواب: غلام جیلانی اصغر کے شاملِ نصاب انشائیوں کے مجموعے کا نام ''رزم ودمِ گفتگو'' ہے۔یہ مجموعہ بائیس (۲۲) انشائیوں پر مشتمل ہے۔

سوال: ۔''رزم ودمِ گفتگو'' میں شامل انشائیوں کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔گفتگو　۲۔تسخیرِ کائنات　۳۔مکان بنانا　۴۔بچہ پالنا　۵۔کچھ جھوٹ کی حمایت میں
۶۔چہرے　۷۔بلڈ گروپ　۸۔غیر ذمہ داری　۹۔پسِ آئینہ　۱۰۔سردی　۱۱۔سوال اٹھانا
۱۲۔بچہ اور باپ　۱۳۔پوتا　۱۴۔سفر جاری ہے　۱۵۔کچھ ریٹائرمنٹ کے بارے میں　۱۶۔بستر میں لیٹنا
۱۷۔اٹھنا بیٹھنا　۱۸۔عادت　۱۹۔وراثت　۲۰۔گالی دینا　۲۱۔ملاقات　۲۲۔احباب کی نظر میں

سوال: ۔''رزم ودمِ گفتگو'' کا دیباچہ/پیش لفظ کس نے لکھا ہے۔

جواب: ''رزم ودمِ گفتگو'' کا دیباچہ ڈاکٹر انور سدید نے لکھا ہے۔

سوال: ۔غلام جیلانی اصغر نے ''رزم ودمِ گفتگو'' کا انتساب کس کے نام لکھا ہے۔

جواب: غلام جیلانی اصغر نے اپنی کتاب ''رزم ودمِ گفتگو'' کا انتساب ''میاں محمد آصف'' کے نام لکھا ہے۔

سوال: ۔غلام جیلانی اصغر کی کتاب ''رزم ودمِ گفتگو'' کا نام کس شعر سے لیا گیا ہے؟ نیز یہ بھی بتائیں کہ یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

جواب: غلام جیلانی اصغر کی کتاب ''رزم ودمِ گفتگو'' کا نام علامہ محمد اقبال کے درج ذیل شعر سے لیا گیا ہے۔(یہ شعر اقبال کے مجموعے 'بالِ جبریل' کی نظم 'مسجدِ قرطبہ' کے پانچویں بند کا چھٹا شعر ہے۔)

نرم دمِ گفتگو ، گرم دمِ جستجو
رزم ہو یا بزم ہو ، پاک دل و پاک باز

سوال: ۔''رزم ودمِ گفتگو'' میں شامل مضامین کو انشائیوں کا نام دیا گیا ہے۔انشائیہ کسے کہتے ہیں۔

جواب: انشائیہ ایسی تحریر کو کہتے ہیں جس کا نہ باقاعدہ کوئی آغاز ہوتا ہے اور نہ اختتام۔یہ اچانک شروع ہو کر اچانک ختم ہو جاتا ہے اور اس میں بات سے بات نکلتی چلی جاتی ہے۔ایسی تحریر کو انشائیہ کہتے ہیں۔

سوال: ۔غلام جیلانی اصغر کی وجہِ شہرت بیان کریں۔

جواب: غلام جیلانی اصغر کی وجہِ شہرت ''انشائیہ نگاری'' ہے۔

سوال: ۔غلام جیلانی اصغر کے اُسلوب کی نمایاں خوبیاں تحریر کریں۔

جواب: ۱۔جاذبیت ۲۔دل کشی ۳۔شعری ذوق ۴۔حسنِ ابتدا

سوال:۔غلام جیلانی اصغر نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: غلام جیلانی اصغر نے 26 دسمبر 2006ء کو سرگودھا میں وفات پائی۔

مختار مسعود

سوال:۔مختار مسعود کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مختار مسعود 15 دسمبر 1926ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔

سوال:۔مختار مسعود کے والد کا نام اور پیشہ تحریر کریں۔

جواب: مختار مسعود کے والد کا نام شیخ عطا اللہ تھا۔ پیشے کے اعتبار سے وہ معاشیات کے پروفیسر تھے۔

سوال:۔مختار مسعود کی تصانیف زمانی ترتیب کے ساتھ لکھیں۔

جواب: ۱۔آوازِ دوست (1973) ۲۔سفرِ نصیب (1981) ۳۔لوحِ ایام (1996) ۴۔حرفِ شوق (2017)

سوال:۔مختار مسعود کی شاملِ نصاب کتاب کا نام لکھیں۔نیز اُس میں کتنے مضامین شامل ہیں۔

جواب: مختار مسعود کی شاملِ نصاب کتاب کا نام ''آوازِ دوست'' ہے۔اس میں دو مضامین شامل ہیں۔

سوال:۔''آوازِ دوست'' میں شامل مضامین کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔مینارِ پاکستان (1968) ۲۔قحط الرجال (72-1971)

سوال:۔''آوازِ دوست'' صنفِ ادب سے کیا ہے؟ یہ کتاب کتنے صفحات پر مشتمل ہے؟

جواب: ''آوازِ دوست'' صنفِ ادب کے لحاظ سے انشائیوں کا مجموعہ ہے۔یہ کتاب 232 صفحات پر مشتمل ہے۔

سوال:۔کتاب ''آوازِ دوست'' کا نام کہاں سے اخذ کیا گیا ہے؟

جواب: ''آوازِ دوست'' کا نام مولانا رومی کے اس شعر سے اخذ کیا گیا ہے۔

خشک مغز و خشک تار و خشک پوست
از کجا می آید ایں آوازِ دوست!

سوال:۔''آوازِ دوست'' میں شامل مضامین کب لکھے گئے؟

جواب: ''آوازِ دوست'' کا پہلا مضمون مینارِ پاکستان 1968ء میں جب کہ دوسرا مضمون ''قحط الرجال'' 72-1971ء میں لکھا گیا۔

سوال:۔''آوازِ دوست'' کا مضمون ''مینارِ پاکستان'' پہلی بار کب اور کس رسالے میں چھپا؟

جواب: ''آوازِ دوست'' کا مضمون ''مینارِ پاکستان'' پہلی بار 1969ء کو ایک رسالے ''نقوش'' میں چھپا۔

سوال:۔''آوازِ دوست'' کا موضوع کیا ہے؟

جواب: ''آوازِ دوست'' کا موضوع ''تحریکِ پاکستان'' ہے۔

سوال:۔''آوازِ دوست'' میں مختار مسعود نے کون سی تکنیک استعمال کی ہے؟

جواب: مختار مسعود نے ''آوازِ دوست'' میں فلیش بیک کی تکنیک استعمال کی ہے۔

سوال:۔''آوازِ دوست'' کے مضمون ''قحط الرجال'' میں شامل چند شخصیات کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔محمد ابراہیم شا کیوچن ۲۔بہادر یار جنگ ۳۔ملا واحدی ۴۔حسرت موہانی ۵۔قائدِ اعظم محمد علی جناح

سوال:۔مختار مسعود نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب: مختار مسعود نے 15 اپریل 2017 کو لاہور میں وفات پائی۔

سابقہ حل شدہ معروضی پرچے

نوٹ:۔ سابقہ حل شدہ پرچہ جات میں سے یہاں صرف وہی سوالات درج کیے جا رہے ہیں جو نیو کورس میں موجود ہیں۔

2009

سوال:۔ سفرنامے کی تعریف کیجیے۔

جواب: سفر کے واقعات کو ندرت وجدت کے ساتھ ایسے بیان کرنا کہ انداز بیان میں تازگی ہو۔(سفرنامہ کو رپورتاژ یا روداد کی ایک شکل بھی کہا جاتا ہے۔)

سوال:۔ خاکہ نگاری سے کیا مراد ہے؟

جواب: ادبی اصطلاح میں خاکہ نگاری سے مراد وہ تحریر یا مضمون ہے جو کسی شخصیت کا بھرپور تاثر پیش کرے۔

سوال:۔ خاکوں پر مشتمل دو مشہور کتب کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ گنجینۂ گوہر.........شاہد احمد دہلوی ii۔ چند ہم عصر.........مولوی عبدالحق iii۔ گنجے فرشتے.........سعادت حسن منٹو

سوال:۔ اُردو کے دو معروف خاکہ نگاروں کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ شاہد احمد دہلوی ii۔ مولوی عبدالحق iii۔ سعادت حسن منٹو iv۔ عصمت چغتائی

سوال:۔ اُسلوب سے کیا مراد ہے؟

جواب: i۔ ادبی اظہار کی ماہیت، عوامل یا خصائص سے بحث کرنا اُسلوب کہلاتا ہے۔/ ii۔ کسی مصنف، شاعر یا ادیب کے طرزِ تحریر کو اُسلوب کہتے ہیں۔

سوال:۔ آپ بیتی سے کیا مراد ہے؟

جواب: اپنی زندگی کے احوال و واقعات کا بیان ''آپ بیتی'' کہلاتا ہے۔

سوال:۔ دو معروف آپ بیتیوں کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ گردِ راہ.........اختر حسین رائے پوری ii۔ یادوں کی برات.........جوش ملیح آبادی iii۔ جہان دانش.........احسان دانش

سوال:۔ تحریف نگاری سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی مصنف کی عبارت، انداز بیان یا سنجیدہ کلام کی مضحکہ نقالی کو تحریف نگاری یا پیروڈی کہتے ہیں۔(پیروڈی یونانی کے لفظ ''پیروڈیا'' سے نکلا ہے جس کا مطلب جوابی نغمہ ہے۔)

سوال:۔ دو نمایاں انشائیہ نگاروں کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ سرسید احمد خان ii۔ ڈاکٹر وزیر آغا iii۔ غلام جیلانی اصغر iv۔ مشکور حسین یاد

سوال:۔ ''محاسنِ خطوطِ غالب'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ''محاسنِ خطوطِ غالب'' کے مصنف کا نام ''ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار'' ہے۔

سوال:۔ ''آوازِ دوست'' کس کی تصنیف ہے؟ یہ پہلی بار کب شائع ہوئی؟

جواب: ''آوازِ دوست'' مختار مسعود کی تصنیف ہے۔ یہ پہلی بار 1973ء میں شائع ہوئی۔

2010

سوال:۔ ''زرگزشت'' اور ''نظر نامہ'' کس کی تصانیف ہیں؟

جواب: زرگزشت.........مشتاق احمد یوسفی نظر نامہ.........محمود نظامی

سوال:۔ ''آوازِ دوست'' کس کی تصنیف ہے اور یہ کتنے مضامین پر مشتمل ہے؟

جواب: ''آوازِ دوست'' مختار مسعود کی تصنیف ہے اور یہ دو مضامین (مینارِ پاکستان، قحط الرجال) پر مشتمل ہے۔

سوال:۔"سب رس" کس کی تصنیف ہے اور یہ کس کی فرمائش پر لکھی گئی؟

جواب: "سب رس" ملا وجہی کی تصنیف ہے۔ یہ داستان عبداللہ قطب شاہ کی فرمائش پر لکھی گئی۔

سوال:۔"اُردوئے معلٰی" کس کی تصنیف ہے؟ یہ کب شائع ہوئی؟

جواب: "اُردوئے معلٰی" مرزا اسداللہ خان غالبؔ کے خطوط کا مجموعہ ہے۔ یہ کتاب غالبؔ کی وفات کے ایک ماہ بعد ۶ مارچ ۱۹۶۹ء میں شائع ہوئی۔

سوال:۔"گنجینۂ گوہر" کے مصنف کا نام لکھیں نیز اس کی صنف بھی لکھیں۔

جواب: "گنجینۂ گوہر" کے مصنف کا نام شاہد احمد دہلوی ہے۔ صنف کے اعتبار سے یہ کتاب "خاکوں کا مجموعہ" ہے۔

سوال:۔"آبِ حیات" اور "چراغ تلے" کس کی تصانیف ہیں؟

جواب: i۔آبِ حیات ....مولانا محمد حسین آزادؔ ii۔چراغ تلے ....مشتاق احمد یوسفی

سوال:۔تمثیل سے کیا مراد ہے؟

جواب: بے جان اور مجرد اشیا کو مجسم بنا کر پیش کرنا تمثیل کہلاتا ہے۔

سوال:۔"آثار الصنادید" کے مصنف کا نام لکھیں اور اس کے موضوع کی نشاندہی کیجیے۔

جواب: "آثار الصنادید" سرسید کی تصنیف ہے۔ اس کا موضوع دہلی کی پرانی عمارتوں اور آثار قدیمہ کے علاوہ اس زمانے کے عالمین، فقراء، علما اور شعرا ہیں۔

سوال:۔پطرس بخاری نے کن تصانیف کے دیباچے تحریر کیے؟ نام لکھیں۔

جواب: i۔پطرس کے مضامین

سوال:۔مشتاق احمد یوسفی کی تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: i۔چراغ تلے ii۔خاکم بدہن iii۔زرگزشت iv۔آبِ گم v۔شامِ شعرِ یاراں

سوال:۔تحریف نگاری سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی مصنف کی عبارت، انداز بیان یا سنجیدہ کلام کی مضحکہ نقالی کو تحریف نگاری یا پیروڈی کہتے ہیں۔ (پیروڈی یونانی زبان کے لفظ "پیروڈیا" سے نکلا ہے، جس کا مطلب جوابی نغمہ ہے۔)

سوال:۔اُسلوب سے کیا مراد ہے؟

جواب: i۔ادبی اظہار کی ماہیت، عوامل یا خصائص سے بحث کرنا اُسلوب کہلاتا ہے۔/ ii۔کسی مصنف، شاعر یا ادیب کے طرزِ تحریر کو اُسلوب کہتے ہیں۔

سوال:۔"سیرت النبی ﷺ" کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟ مرتبین کے نام لکھیں۔

جواب: "سیرت النبی ﷺ" پانچ جلدوں پر مشتمل ہے۔ پہلی دو جلدیں مولانا شبلی نعمانی نے جب کہ بقیہ تین جلدیں سید سلیمان ندوی نے مرتب کیں۔

سوال:۔"آوازِ دوست" کے علاوہ مختار مسعود کی دو تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: i۔لوحِ ایام ii۔سفر نصیب iii۔حرفِ شوق

سوال:۔"حیاتِ جاوید" کے مصنف کا نام اور سن تصنیف لکھیں۔ یہ کتاب کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

جواب: "حیاتِ جاوید" مولانا الطاف حسین حالیؔ کی تصنیف ہے۔ سن تصنیف ۱۹۰۱ء ہے۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ (سرسید کی سوانح عمری ہے۔)

2011

سوال:۔ ''آبِ گم'' کس کی تصنیف ہے؟ اس کا موضوع کیا ہے؟

جواب: ''آبِ گم'' مشتاق احمد یوسفی کی تصنیف ہے۔ اس کا موضوع ماضی پرستی ہے۔

سوال:۔ ''مقدمہ شعر و شاعری'' کس کی تصنیف ہے؟ یہ کا سنِ تصنیف لکھیں۔

جواب: ''مقدمہ شعر و شاعری'' مولانا الطاف حسین حالی کی تصنیف ہے۔ اس کا سنِ تصنیف 1893ء ہے۔

سوال:۔ مزاح کس زبان کا لفظ ہے۔ ''اُردو ادب میں طنز و مزاح'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: مزاح ''عربی'' زبان کا لفظ ہے۔ ''اُردو ادب میں طنز و مزاح'' ڈاکٹر وزیر آغا کی تصنیف ہے۔

سوال:۔ اسلوب سے کیا مراد ہے؟

جواب: i۔ ادبی اظہار کی ماہیت، عوامل یا خصائص سے بحث کرنا اُسلوب کہلاتا ہے۔ ii۔ کسی مصنف، شاعر یا ادیب کے طرزِ تحریر کو اُسلوب کہتے ہیں۔

سوال:۔ مولانا محمد حسین آزاد کے اسلوب کے دو نمایاں اوصاف لکھیے۔

جواب: i۔ مرقع نگاری ii۔ تمثیلی انداز iii۔ نثر میں شعریت

سوال:۔ ''حیاتِ جاوید'' کے علاوہ مولانا الطاف حسین حالی کی دو سوانح عمریوں کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ حیاتِ سعدی (شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح عمری) ii۔ یادگارِ غالب (مرزا اسداللہ خان غالب کی سوانح عمری)

سوال:۔ تذکرہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: شعرا کی سوانح عمریوں کے ساتھ ساتھ ان کے نمونہ کلام پر رائے دینا تذکرہ کہلاتا ہے۔

سوال:۔ ''آوازِ دوست'' میں شامل دو مضامین کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ مینارِ پاکستان ii۔ قحط الرجال (آوازِ دوست مختار مسعود کی تصنیف ہے۔)

سوال:۔ سیرت النبی ﷺ کے دو مرتبین کے نام لکھیں۔

جواب: سیرت النبی ﷺ کے مرتبین کے نام درج ذیل ہیں۔

i۔ علامہ شبلی نعمانی (پہلے دو حصے) ii۔ سید سلیمان ندوی (آخری تین حصے)

سوال:۔ انشائیہ کی تعریف کیجیے۔

جواب: انشائیہ ایسی تحریر کو کہتے ہیں جس کا نہ باقاعدہ کوئی آغاز ہوتا ہے اور نہ اختتام۔ یہ اچانک شروع ہو کر اچانک ختم ہو جاتا ہے اور اس میں بات سے بات نکلتی چلی جاتی ہے۔ ایسی تحریر کو انشائیہ کہتے ہیں۔

سوال:۔ شاہد احمد دہلوی کی دو تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔ گنجینۂ گوہر ۲۔ بزمِ خوش نفساں ۳۔ طاقِ نسیاں ۴۔ بزمِ شاہد

سوال:۔ تحریف نگاری کی مختصر تعریف کیجیے۔

جواب: کسی مصنف کی عبارت، اندازِ بیان یا سنجیدہ کلام کی مضحکہ نقالی کو تحریف نگاری یا پیروڈی کہتے ہیں۔ (پیروڈی یونانی کے لفظ ''پیروڈیا'' سے نکلا ہے جس کا مطلب جوابی نغمہ ہے۔)

دوسرا سالانہ امتحان ۲۰۱۱ء

سوال:۔ ''پنج آہنگ'' کس کی تصنیف ہے؟ اس کا موضوع کیا ہے؟

جواب: ''پنج آہنگ'' مرزا غالب کی تصنیف ہے۔ اس کا موضوع خطوط نویسی ہے۔

سوال:۔ "گنجینۂ گوہر" کس کی تصنیف ہے؟ یہ کتاب کتنے خاکوں پر مشتمل ہے؟

جواب: "گنجینۂ گوہر" شاہد احمد دہلوی کی تصنیف ہے۔ یہ کتاب سترہ (17) خاکوں پر مشتمل ہے۔

سوال:۔ مشتاق احمد یوسفی کی پہلی تصنیف کا نام اور سنِ اشاعت لکھیں۔

جواب: مشتاق احمد یوسفی کی پہلی تصنیف کا نام "چراغ تلے" ہے۔ کتاب کا سنِ اشاعت 1961ء ہے۔

سوال:۔ "مجالس النساء" اور "بزمِ دم گفتگو" کے مصنفین کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ مجالس النساء..................مولانا الطاف حسین حالیؔ ii۔ بزمِ دم گفتگو..................غلام جیلانی اصغر

سوال:۔ سرسید نے تہذیب الاخلاق کن مغربی رسائل سے متاثر ہو کر جاری کیا؟

جواب: سرسید احمد خان نے تہذیب الاخلاق دو مغربی رسائل "سپیکٹیٹر" اور "ٹیٹلر" سے متاثر ہو کر جاری کیا۔

سوال:۔ سوانح نگاری کے حوالے سے حالیؔ کا بنیادی نقطہ نظر بتائیں۔

جواب: سوانح نگاری کے حوالے سے مولانا الطاف حسین حالیؔ کا نقطہ نظر درج ذیل ہے۔

i۔ صداقت اور حقیقت پر مبنی ہو۔ ii۔ مکمل تصویر کشی ہو۔ iii۔ سادگی iv۔ بے تکلفی

سوال:۔ سفرنامہ کی خصوصیات بتائیں۔

جواب: i۔ حالات وواقعات کا بیان ii۔ تہذیب ومعاشرت کا بیان iii۔ حقیقت نگاری

سوال:۔ "آثار الصنادید" کس کی تصنیف ہے۔ اس کے موضوع کی نشاندہی کیجیے۔

جواب: "آثار الصنادید" سرسید احمد خان کی تصنیف ہے۔ اس کا موضوع دہلی کی قدیم تاریخی عمارات اور آثارِ قدیمہ کے علاوہ اُس دور کے عالمین، فقرا، علما اور شعرا ہیں۔

سوال:۔ مولانا شبلی نعمانی کی دو تنقیدی کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ موازنہ دبیر وانیس ii۔ شعر العجم

سوال:۔ "آوازِ دوست" کے مضمون قحط الرجال کا موضوع کیا ہے؟

جواب: "آوازِ دوست" کے مضمون قحط الرجال کا موضوع یہ ہے کہ فی زمانہ اہل اور قابل آدمی کا ملنا نایاب ہے۔

سوال:۔ غالبؔ پر لکھی گئی دو سوانح عمریوں کے نام لکھیں۔

جواب: i۔ یادگارِ غالبؔ..................مولانا الطاف حسین حالیؔ ii۔ ذکرِ غالبؔ..................مالک رام

سوال:۔ "حیاتِ جاوید" کتنے حصوں پر مشتمل ہے۔ سنِ تصنیف بھی درج کریں۔

جواب: "حیاتِ جاوید" سرسید احمد خان کی سوانح عمری ہے۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ سنِ تصنیف 1901ء ہے۔ (مصنف: مولانا حالیؔ)

سوال:۔ سرسید احمد خان کے اسلوبِ نگارش کی دو خصوصیات لکھیں۔

جواب: i۔ سادگی (آسان نثر میں لکھا ہوا) ii۔ مقصدیت iii۔ ظرافت

سوال:۔ تحریف نگاری سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی مصنف کی عبارت، اندازِ بیان یا سنجیدہ کلام کی مضحک نقالی کو تحریف نگاری یا پیروڈی کہتے ہیں۔ (پیروڈی یونانی کے لفظ "پیروڈیا" سے نکلا ہے جس کا مطلب جوابی نغمہ ہے۔)

2012

سوال:۔ "سب رس" کے ماخذ پر روشنی ڈالیے۔

جواب: "سب رس" فتاحی نیشاپوری کے منظوم قصہ "حسن و دل" کا نثری ترجمہ ہے۔

سوال: ۔اسلوب سے کیا مراد ہے؟

جواب: i۔ادبی اظہار کی ماہیت، عوامل یا خصائص سے بحث کرنا اُسلوب کہلاتا ہے۔ ii۔کسی مصنف، شاعر یا ادیب کے طرزِ تحریر کو اُسلوب کہتے ہیں۔

سوال: ۔خطوطِ غالب کے پہلے دو مجموعوں کے نام اور سالِ اشاعت بتائیں۔

جواب: i۔عودِ ہندی (وفات سے چار ماہ بارہ دن پہلے)..........1868ء ii۔اُردوئے معلّیٰ (6 مارچ 1869ء)

سوال: ۔غالب کی کتاب "دستنبو" کا موضوع کیا ہے؟

جواب: دستنبو کا موضوع جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء کے واقعات ہیں۔

سوال: محمد حسین آزاد کی چار تصانیف کے نام بتائیں۔

جواب: i۔آبِ حیات ii۔نیرنگِ خیال iii۔دربارِ اکبری iv۔قصصِ ہند v۔جانورستان

سوال: ۔آوازِ دوست کس کی تصنیف ہے؟ اس میں شامل مضامین کے نام ترتیب سے لکھیں۔

جواب: ''آوازِ دوست'' مختار مسعود کی تصنیف ہے۔اس میں شامل مضامین کے نام ترتیب وار درج ذیل ہیں۔

i۔مینارِ پاکستان ii۔قحط الرجال

سوال: ۔مشتاق احمد یوسفی کی چار تصانیف کے نام ترتیب سے لکھیے۔

جواب: i۔چراغ تلے..........1961ء ii۔خاکم بدہن..........1969ء iii۔زرگزشت..........1976ء

iv۔آبِ گم..........1990ء v۔شامِ شعرِ یاراں..........2014ء

سوال: ۔"سیرۃ النبی ﷺ" کے مؤلفین کے نام اور حصوں کی تعداد لکھیں۔

جواب: ''سیرۃ النبی ﷺ'' کے مؤلفین علامہ شبلی نعمانی اور سید سلیمان ندوی ہیں۔ جب کہ اس کے حصوں کی تعداد پانچ ہے۔

سوال: ۔شاہد احمد دہلوی کی دو کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔گنجینۂ گوہر ۲۔بزمِ خوش نفساں ۳۔طاقِ نسیاں ۴۔بزمِ شاہد

دوسرا سالانہ امتحان ۲۰۱۲ء

سوال: ۔"آبِ حیات" کس کی تصنیف ہے؟ اس کا موضوع کیا ہے؟

جواب: ''آبِ حیات'' مولانا محمد حسین آزاد کی تصنیف ہے۔اس کا موضوع تذکرہ و تاریخ ہے۔

سوال: ۔"آبِ گم" کے مصنف کا نام کیا ہے؟ اس کا دیباچہ انہوں نے کس نام سے لکھا ہے؟

جواب: ''آبِ گم'' کے مصنف کا نام مشتاق احمد یوسفی ہے۔اس کا دیباچہ انہوں نے ''غنودیم غنودیم'' کے عنوان سے لکھا۔

2013

